Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 13 منگل، 14 فروری 2023ء، 22 رجب المرجب 1444ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 269

غلط رپورٹ ہونے والے ریمارکس پر ارکان پارلیمنٹ نے حقائق جانے بغیر رائے دی جو اخبارات میں شائع ہوئی، خط کا متن

چیف جسٹس پاکستان کے ریمارکس کی غلط تشہیر اٹارنی جنرل کا وزیر قانون کو خط

اٹارنی جنرل نے خط میں لکھا ہے کہ چیف جسٹس عمر عطاء بندیال کے بیان کی سوشل میڈیا پر کی جانے والی تشہیر غلط ہے

تحریک انصاف کے سینیٹر شہزاد وسیم نے چیف جسٹس پاکستان کے ریمارکس کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ ایک بڑی جماعت کو جیسے باہر کیا گیا، پارلیمنٹ واقعی نامکمل ہے

اسلام آباد (خبر نگار) چیف جسٹس پاکستان کے ریمارکس پر اٹارنی جنرل نے وفاقی وزیر قانون کو خط لکھ دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق چیف جسٹس پاکستان جسٹس عمر عطاء بندیال کے ریمارکس پر سینیٹ میں تنقید کے معاملے پر اٹارنی جنرل نے وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ کو خط لکھ دیا۔ اٹارنی جنرل نے خط میں لکھا ہے کہ چیف جسٹس عمر عطاء بندیال کے بیان کی سوشل میڈیا پر کی جانے والی تشہیر غلط ہے، چیف جسٹس نے ریمارکس میں یہ نہیں کہا تھا کہ پاکستان کی تاریخ میں صرف ایک وزیراعظم ایماندار تھا۔ چیف جسٹس نے یہ نہیں کہا کہ صرف محمد خان جونیجو ایماندار وزیراعظم تھے، چیف جسٹس نے 1988 میں قومی اسمبلی کی بحالی کا حکم نہ دینے کا ذکر کیا تھا۔ خط میں کہا گیا کہ سابق چیف جسٹس نسیم حسن نے نواز شریف کیس میں اسمبلی بحال نہ کرنے پر پچھتاوے کا اظہار کیا، چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے کہا تھا کہ محمد خان جونیجو اچھے اور آزاد وزیراعظم تھے، چیف جسٹس نے کہا کہ ایک اچھے اور آزاد وزیراعظم کو آرٹیکل 58 ٹو بی کے ذریعے نکالا گیا۔ خط میں کہا گیا کہ غلط رپورٹ ہونے والے ریمارکس پر ارکان پارلیمنٹ نے حقائق جانے بغیر رائے دی جو اخبارات میں شائع ہوئی، خط اس لیے لکھ رہا ہوں کہ آپ بطور وزیر قانون اور سابق قائد ایوان ساتھی سینیٹرز کے سامنے درست حقائق رکھیں۔ اٹارنی جنرل نے خط میں مزید لکھا کہ ذاتی طور پر عدالت میں موجود تھا، سوشل میڈیا پر چیف (بقیہ نمبر 1)

اگر میں غدار ہوں تو میرے سارے ووٹر غدار ہیں، فواد چوہدری

اگر الیکشن کمیشن وقت پر الیکشن نہیں کرائے گا تو آئین کی خلاف ورزی کرے گا، ہم جیل بھرو تحریک کے لیے تیار ہیں

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پی ٹی آئی رہنما فواد چوہدری کا کہنا ہے کہ اگر میں غدار ہوں تو میرے سارے ووٹر غدار ہیں۔ یہ بات انہوں نے اسلام آباد کی عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کے دوران کہی ہے۔ فواد چوہدری کا کہنا ہے کہ غداری کیس میں پیشی تھی، ابھی تک (بقیہ نمبر 4)

آج ایٹمی ملک کے زرمبادلہ کے ذخائر صرف 2.9 ارب ڈالر پر ہیں، مسرت چیمہ

تیرہ جماعتی اتحاد بظاہر مسیحا بن کر آیا لیکن حقیقت میں اژدھا ثابت ہوا، مرکزی رہنما تحریک انصاف کا بیان

لاہور (خصوصی خبر نگار) پاکستان تحریک انصاف کی مرکزی رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ ملک کو ایک شخص نے اپنے تجربات کے لیے استعمال کیا جس کا نتیجہ قوم کے سامنے ہے، تجربے کا نتیجہ یہ نکلا کہ آج ایٹمی ملک کے زرمبادلہ کے ذخائر صرف 2.9 (بقیہ نمبر 3)

عمران خان نے اپنے ہی خلاف چارج شیٹ پیش کر دی، شیری رحمان

ساڑھے تین سال کرسی پر کیوں براجمان رہے؟ بے اختیار وزیراعظم تھے تو اقتدار کیوں نہیں چھوڑا؟، ٹوئٹ

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وفاقی وزیر برائے ماحولیاتی تبدیلی سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ عمران خان نے اپنے ہی خلاف چارج شیٹ پیش کر دی ہے، عمران کی فسطائی اور بدترین حکومت آئینی طریقہ کار سے ہٹائی گئی کسی سازش کے ذریعے نہیں۔ ساڑھے تین (بقیہ نمبر 2)

چیئرمین پی ٹی آئی دوبارہ اقتدار میں آنے کیلئے بے چین ہیں، ان کی جھوٹ پر مبنی سیاست آئے روز بے نقاب ہو رہی ہے، شہباز شریف

عمران خان کی ہرزہ سرائی قوم کو مایوس کر رہی ہے، وزیراعظم

عمران خان کی ایک ہی مستقل مزاجی ہے کہ وہ دوبارہ اقتدار میں آنے کیلئے بے چین ہیں، سابق وزیراعظم صرف اقتدار میں آنا چاہتے ہیں، وزیراعظم

انہوں نے کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی کی ہرزہ سرائی قوم کو مایوس کر رہی ہے، ان کی سیاست جھوٹ پر مبنی ہے جو آئے روز بے نقاب ہو رہی ہے

دوسری جانب تحریک انصاف کے رہنما فواد چوہدری نے اتحادی حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ، پاکستان کو شہباز شریف اور بلاول بھٹو کی وجہ سے شرمندگی کا سامنا ہے

اسلام آباد (خصوصی خبر نگار) وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا ہے کہ عمران خان کی ہرزہ سرائی قوم کو مایوس کر رہی ہے۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم نے اپنے سیاسی حریف چیئرمین تحریک انصاف عمران خان پر کڑی تنقید کی ہے، شہباز شریف نے کہا ہے کہ عمران خان کی ایک ہی مستقل مزاجی ہے کہ وہ دوبارہ اقتدار میں آنے کیلئے بے چین ہیں، سابق وزیراعظم صرف اقتدار میں آنا چاہتے ہیں، چاہے اس میں ملک طویل عرصے تک عدم استحکام میں دھنس جائے۔ انہوں نے کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی کی ہرزہ سرائی (بقیہ نمبر 5)



اسلام آباد: زلزلہ متاثرین کی بحالی تک ترک بھائیوں کی امداد جاری رکھیں گے، وزیراعظم

گورنر اور الیکشن کمیشن انتخابات کی تاریخ پر فٹ بال کھیلنا بند کریں

انتقامی کارروائیاں اور مقدمات تحریک انصاف کا راستہ نہیں روک سکتے، پرویز الٰہی

لاہور (خصوصی رپورٹر) سابق وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی سے تحریک انصاف کے مرکزی رہنما اور سابق وزیر دفاع پرویز خٹک نے ملاقات کی جس میں سیاسی صورتحال اور پنجاب و خیبرپختونخواہ کے انتخابات سے متعلق تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران چوہدری پرویز الٰہی نے گفتگو (بقیہ نمبر 7)

صوبائی سیکرٹری صحت ڈاکٹر احمد جاوید قاضی کے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد

لاہور (جنرل رپورٹر) سیکرٹری صحت پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی کے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ سائلین نے سیکرٹری صحت پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی کو درخواستیں (بقیہ نمبر 6)

ایک دن گالی، اگلے دن معافی مانگنا عمران خان کی سیاست ہے، مریم اورنگزیب

انہوں نے کہا آپ جیسے فارن ایجنٹ، چور، جھوٹے، بہروپیئے اور منی لانڈرر سے آزادی حاصل کر کے ملک آزاد ہوتے ہیں

عمران صاحب کو یقین ہے کہ ان کے حامی ذہنی معذور ہیں، ان کا اقتدار میں آنا ہی رول آف لا کی خلاف ورزی تھا، وفاقی وزیر اطلاعات

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ ایک دن گالی، اگلے دن معافی مانگنا عمران خان کی سیاست ہے، چاہے وہ عدالت ہو، چاہے وہ امریکہ ہو، چاہے وہ ادارے ہوں۔ سابق وزیراعظم عمران خان کے خطاب پر ردعمل دیتے ہوئے وزیر اطلاعات مریم (بقیہ نمبر 8)

سید خالد محمود ہمدانی نے عہدے کا چارج سنبھال لیا

پی او سید خالد محمود ہمدانی نے یادگار شہداء پر حاضری دی، پھول چڑھائے

راولپنڈی (خبر نگار) سٹی پولیس آفیسر راولپنڈی سید خالد محمود ہمدانی نے عہدے کا چارج سنبھال لیا، ایس ایس پی انویسٹی گیشن، ایس پی ہیڈکوارٹرز، ایس پی پوٹھوہار، ایس ڈی پی اوز اور دیگر (بقیہ نمبر 9)

پاک فضائیہ کے آئی ایل، 78 طیارے کے ذریعے ترکیہ میں پھنسے پاکستانی طلبا اور خاندانوں کا باحفاظت انخلا

اسلام آباد (خبر نگار) پاک فضائیہ کا آء ایل۔ 78 طیارہ ترکیہ کے زلزلہ زدگان کو امدادی سامان فراہم کرنے کے مشن کی کامیاب تکمیل کے بعد واپس نور خان ایئر بیس پہنچ گیا۔ پاک فضائیہ کی کوششوں سے علاقے میں پھنسے پاکستانی طلبا اور خاندانوں کو آء ایل۔ 78 کے ذریعے باحفاظت وطن واپس لایا گیا۔ پاکستانی طلبا اور خاندانوں نے انہیں پاکستان واپس لانے اور بیرون ملک قدرتی آفت (بقیہ نمبر 11)

ٹریفک کے المناک حادثہ میں 42 سالہ شخص جاں بحق ہو گیا

ریسکیو 1122 اہلکاروں نے ڈیڈ باڈی کو تحویل میں لے کر ہسپتال منتقل کر دیا

عارف والا (جنرل رپورٹر) ٹریفک کے المناک حادثہ میں 42 سالہ شخص جاں بحق ہو گیا تفصیلات کے مطابق نواحی گاؤں 21/EB کے نزدیک تیز رفتار موٹر سائیکل اور ٹریکٹر ٹرالی میں تصادم جس کے نتیجہ میں محمد افضل ولد منشاء زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے موقع پر زندگی کی بازی ہار گیا نامعلوم (بقیہ نمبر 10)

تھانہ گوجر خان کی حدود میں متعدد وارڈز میں منشیات فروشی عروج پر

خالی پلاٹس، قبرستان خرید و فروخت کا مسکن بن گیا

پولیس کی جانب سے چھوٹی موٹی کارروائیاں نمبر گیم کا حصہ ہیں پولیس کے اعلیٰ حکام نوٹس لیں اہلیان علاقہ کا مطالبہ

جہاں نشئی پینے پلانے اور خرید و فروخت میں مصروف ہوتے ہیں ان نشیئوں کی وجہ سے ہی محلوں مین چوریاں ہوتی ہیں

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق تھانہ گوجر خان کی حدود میں متعدد وارڈز میں منشیات فروشی عروج پر خالی پلاٹس اور قبرستانوں میں میں منشیات جیسے ناسور کا گھناؤنا کاروبار دھڑلے سے جاری اہلیان علاقہ نشیئوں سے سخت پریشان پولیس کی جانب سے گزشتہ کچھ عرصے سے منشیات فروشوں (بقیہ نمبر 17)

اسلام آباد: عمران خان صاحب کے دور میں آئین کو نقصان ہو رہا تھا، بلاول بھٹو زرداری

سیالکوٹ پولیس نے چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کو گرفتار کرلیا

سیالکوٹ (کرائم رپورٹر) سیالکوٹ کے تھانہ سبز پیر کی پولیس نے چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث گینگ کے پانچ ارکان کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے نقدی، موٹر سائیکل، اسلحہ اور موبائل فونز برآمد کر لئے۔ پولیس ترجمان کے مطابق ملزمان ظفروال، نارووال سمیت دیگر اضلاع میں 17 سے زیادہ وارداتوں کا اعتراف کیا ہے۔ ملزمان میں لئیق، بزل جاوید، اختر، محمد ارشاد اور محمد زاہد شامل ہیں۔ سیالکوٹ کے تھانہ سبز پیر کی پولیس نے چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث گینگ (بقیہ نمبر 18)

اعلانِ تقرری

روزنامہ "عوامی للکار" راولپنڈی کی طرف سے

جناب میاں مقصود الحسن صاحب

کو سرگودھا سے ڈسٹرکٹ رپورٹر مقرر کیا جاتا ہے۔

تمام سرکاری، غیر سرکاری، ادبی اور صحافتی ادارے نوٹ فرمالیں

تمام سیاسی، سماجی، صحافتی، مذہبی اور ادبی تنظیمیں اپنی سرگرمیوں کی کوریج کے لیے ان سے رابطہ کریں

(ادارہ)

Www.awamilalkaar.com
Info@awamilalkaar.com

لاہور: عمران خان اور چودھری پرویز الٰہی کی ملاقات آج کے بجائے کل ہوگی

مریم نواز میری لیڈر نہیں، شاہد خاقان عباسی کا مریم نواز کو ایک بار پھر لیڈر ماننے سے صاف انکار

اگر مریم نواز کل پارٹی صدارت کی پوزیشن پر آتی ہیں تو پھر فیصلہ کروں گا کہ جماعت میں آگے چل سکتا ہوں یا نہیں

بہت سے مراحل آئے لیکن میں جماعت کے ساتھ ہی رہا، اس جماعت سے اپنے گھر ہی جا سکتے ہیں، کوئی اور ہمارا گھر نہیں

اسلام آباد (نامہ نگار) سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نے مریم نواز کو لیڈر ماننے سے انکار کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ میرے لیڈر نواز شریف ہیں، پارٹی صدر شہباز شریف ہیں، مریم نواز لیڈر نہیں۔ شاہد خاقان نے مزید کہا کہ میں وقت آنے پر آئندہ الیکشن لڑنے کا فیصلہ کروں گا، اگر میں نے (بقیہ نمبر 13)

پارٹی کیساتھ مشکل وقت میں کھڑے ہونے والے کارکنوں کو آگے لایا جائے گا، عمران خان

اجلاس میں اسد عمر، پرویز خٹک، عثمان بزدار، عون عباس، ڈاکٹر اختر ملک، عباس شاہ، عامر ڈوگر سمیت دیگر رہنماں نے شرکت

ٹکٹس فائنل کرنے کے حوالے سے مشاورت بھی کی گئی، اس موقع پر عمران خان نے کہا کہ ملک کے مسائل کا حل صاف و شفاف انتخابات میں ہے،

لاہور (خصوصی نامہ نگار) جنوبی پنجاب میں ٹکٹوں کی تقسیم کے معاملے پر چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان کی زیر صدارت اجلاس ہوا۔ جنوبی پنجاب کے پارلیمانی بورڈ کے اجلاس میں اسد عمر، پرویز خٹک، عثمان بزدار، عون عباس، ڈاکٹر اختر ملک، عباس شاہ، عامر ڈوگر سمیت دیگر رہنماؤں نے شرکت کی، اس موقع پر ٹکٹوں کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ صوبائی اسمبلی کے ٹکٹس فائنل کرنے کے حوالے سے مشاورت بھی کی گئی، اس موقع پر عمران خان نے کہا کہ ملک کے مسائل کا حل صاف و شفاف انتخابات میں ہے، پارٹی کے ساتھ مشکل وقت میں کھڑے ہونے والے وفادار کارکنوں کو آگے لایا جائے گا۔ جنوبی پنجاب میں ٹکٹوں کی تقسیم کے معاملے پر چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان کی زیر صدارت اجلاس ہوا۔ جنوبی پنجاب کے (بقیہ نمبر 12)

کمشنر محمد اجمل بھٹی نے تحصیل ہسپتال کوٹمومن کا اچانک دورہ

کمشنر نے مختلف وارڈز میں جا کر مریضوں کی خیریت بھی دریافت کی

سرگودھا (جنرل رپورٹر) کمشنر محمد اجمل بھٹی نے تحصیل ہسپتال کوٹمومن کا اچانک دورہ اور مریضوں کو فراہم کردہ طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے میڈیکل سٹور اور لیبارٹری کے علاوہ (بقیہ نمبر 14)

کراچی: ضیا محی الدین کا انتقال، وزیراعلیٰ سندھ اظہار ہمدردی کیلئے انکے گھر پہنچ گئے

اسلام آباد: آڈیو لیک کا معاملہ: سابق وزیر خزانہ شوکت ترین کیخلاف مقدمہ درج

سینیٹ میں ضابطہ دیوانی اور لیگل پریکٹشنرز اینڈ بار کونسلز قوانین سے متعلق ترمیمی بلز پیش

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) سینیٹ میں ضابطہ دیوانی اور لیگل پریکٹشنر اینڈ بار کونسلز قوانین سے متعلق ترمیمی بلز پیش کر دیئے گئے ۔ اجلاس پیر کو چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی کی صدارت میں (بقیہ نمبر 15)

بجلی کی تنصیبات کے نزدیک یا نیچے تعمیرات سے گریز کریں

گھروں کے نزدیک سے گزرنے والے بجلی کی تاروں کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا جائے گا

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) آئیسکو انتظامیہ نے ہمیشہ ایسے اقدامات کو ترجیح دی ہے جس کا مقصد صارفین کو بہترین سروسز کی فراہمی کو یقینی بنانا اور انہیں بجلی حادثات سے محفوظ رکھنا ہے۔ (بقیہ نمبر 16)

وزیراعظم کا ضیاء محی الدین کے انتقال پر اظہار تعزیت

اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل دے

لاہور (اسپیشل رپورٹر) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے عالمی شہرت یافتہ معروف ہدایتکار، صداکار، اداکار، مصنف اور میزبان ضیاء محی الدین کے انتقال پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ضیاء محی الدین اپنی ذات میں ایک فن پارہ تھے، ان کے مخصوص انداز نے پاکستان سمیت دنیا بھر میں دھوم مچائی، افسوس ہے کہ کئی خوبصورت خوبیوں کا مالک شخص معاشرے سے کوچ کر گیا۔ اپنے تعزیتی بیان میں وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ ضیاء محی الدین نے پاکستان میں ٹیلی ویژن ہوسٹنگ کو ایک نئی جہت سے روشناس کروایا اور بین الاقوامی سطح پر اداکاری کے ذریعے پاکستان کا نام روشن کیا، نیشنل اکیڈمی آف پرفارمنگ (بقیہ نمبر 19)

اسلام آباد: سرائیکی جرنلسٹس فورم کے انتخابات کے نتائج کا اعلان

مجاہد بھٹی صدر، نوابزادہ خورشید سینئر نائب صدر، دلشاد محور جنرل سیکریٹری منتخب

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) سرائیکی جرنلسٹس فورم راولپنڈی اسلام آباد کے انتخابات برائے 2023/24 کی تکمیل کے بعد اسکے نتائج کا اعلان کر دیا گیا جس کے مطابق مجاہد بھٹی صدر، نوابزادہ خورشید سینئر نائب صدر، نیاز حیدری نائب صدر، اعجاز حسین کھوکھر نائب صدر، صائمہ اسلم نائب صدر (خاتون نشست) (دلشاد محور جنرل سیکرٹری، سید نجف رضا شیرازی سینئر جوائنٹ سیکرٹری ، (بقیہ نمبر 20)

جج دھمکی کیس؛ عمران خان کے وارنٹ گرفتاری کی درخواست مسترد

سینئر سول جج نے عمران خان کی جانب سے حاضری سے استثنا کی درخواست منظور کرلی

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن عدالت نے خاتون جج کو دھمکی دیے جانے کے کیس میں عمران خان کے وارنٹ گرفتاری جاری کرنے کی استدعا مسترد کرتے ہوئے ان کی حاضری سے استثنا کی درخواست منظور کرلی۔ سماعت کے آغاز پر عمران خان کی جانب سے وکیل انتظار پنجوتھا کا وکالت نامہ عدالت میں جمع کروایا گیا۔ اس موقع پر اسپیشل پراسیکیوٹر راجا رضوان عباسی عدالت میں پیش ہوئے اور انہوں نے عمران خان کے وارنٹ گرفتاری جاری کرنے کی استدعا کردی۔ اسپیشل پراسیکیوٹر کی جانب (بقیہ نمبر 21)

کورونا کے مثبت کیسز بڑھنے لگے، 12 مریضوں کی حالت تشویشناک

مزید برآں اس دوران کورونا وائرس سے کوئی بھی مریض جاں بحق نہیں

گزشتہ 24 گھنٹوں میں کئے گئے مثبت کورونا ٹیسٹ کی شرح 0.49 فیصد رہی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) قومی ادارہ صحت (این آئی ایچ) نے کہا ہے کہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک بھر میں 4 ہزار 498 کورونا ٹیسٹ کئے گئے ہیں۔ این آئی ایچ کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 4 ہزار 498 کورونا ٹیسٹ کئے گئے جن میں سے 22 افراد کے کورونا ٹیسٹ مثبت آئے ہیں۔ اس طرح گزشتہ 24 گھنٹوں میں کئے گئے مثبت کورونا ٹیسٹ کی شرح 0.49 فیصد رہی ہے، مزید برآں اس دوران کورونا وائرس سے کوئی بھی مریض جاں (بقیہ نمبر 25)

چک جلال دین مدنی محلہ میں پانی کی قلت، ٹینکر مافیا کی چاندی

مذکورہ ٹیوب ویلز کی مرمت کے بعد بھی مکینوں کو پانی کی فراہمی نہ ہوسکی

سب انجینئر، ایکسین، ایس ڈی او سمیت دیگر واسا حکام چادر لپیٹ کر سو گئے

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) مدنی محلہ چک جلال دین کے مکینوں اکرام اشرف، علی تنویر، بلال، واصف، وقاص، محمد ریاض، راجہ زمان اور راجہ معظم اسلم نے بیان میں کہا ہے کہ علاقے میں گزشتہ دس دنوں سے پانی کی قلت ہے واسا حکام کی نااہلی کے باعث ایک ٹیوب کی مرمت پر شہریوں کو دس دس دن تک محروم رکھنا کہاں کا انصاف ہے اور دوسرا ٹیوب ویل بھی آئے روز خراب رہتا ہے انہوں نے کہا کہ مذکورہ ٹیوب ویل گزشتہ ماہ بھی خراب ہوا اور واسا انتظامیہ کی جانب سے دس دن بعد رپیرنگ کر کے پانی علاقے میں بحال کیا گیا۔ اس ضمن میں متعلقہ سب انجینئر احمد احسن سے بارہاں رابطہ کیا گیا مگر اس نے بھی لولی پاپ دینا معمول بنالیا۔ واسا عملہ کے مطابق موٹر ٹرپنگ اور بجلی میٹر میں فالٹ ہے جو کہ ایک دن میں ہوسکتا ہے جبکہ عوام کو ہفتوں ہفتوں پانی سے محروم رکھنا اعلیٰ حکام کے لیے لمحہ فکریہ ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ واسا حکام کو کئی بار شکایات درج کرانے کے باوجود کوئی شنوائی نہیں ہو رہی۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ روز شہریوں کے وفد کی واسا ہیڈ آفس جانے کی اطلاع متعلقہ واسا کمپلینٹ آفس چک جلال دین ملی تو سابقہ چیئرمین کود پڑے اور شہریوں کو پانی کی سپلائی بحال کروانے کی یقین دہانیاں کرواتے رہے جبکہ واسا حکام خاموش تماشائی کا کردار ادا کر رہے ہیں۔ شہریوں نے ایم ڈی واسا سے مطالبہ کیا ہے کہ آئے روز مدنی محلّہ میں پانی کی بندش پر نوٹس لے کر تحقیقات کروائی جائیں۔

وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر مارکیٹوں میں آٹے کی سپلائی بلاتعطل جاری ہے، محمد زمان وٹو

لاہور (جنرل رپورٹر) نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی ہدایات پر پنجاب کی مارکیٹوں میں آٹے کی سپلائی بلاتعطل جاری ہے۔ تمام مارکیٹوں کو آج بھی آٹا کی سپلائی وافر مقدار میں مہیا کی گئی ہے، سیکرٹری فوڈ محکمہ خوراک پنجاب محمد زمان وٹو نے میڈیا (بقیہ نمبر 22)

جسٹس مزمل اختر شبیر نے شہباز گل کا نام ای سی ایل سے نکالنے کیلئے دائر درخواست جسٹس جواد حسن کو بھجوادی

لاہور (اسپیشل رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس مزمل اختر شبیر نے تحریک انصاف کے رہنما ڈاکٹر شہباز گل کا نام ای سی ایل سے نکالنے کیلئے دائر درخواست کی فائل جسٹس جواد حسن کے پاس بھجوا (بقیہ نمبر 24)

سیاسی قیادت انا، ضد اور ہٹ دھرمی ترک کریں، لیاقت بلوچ

قومی وصوبائی اسمبلیوں کے ایک دن انتخابات کے انعقاد پر اتفاق کیا جائے

راولپنڈی (اسپیشل رپورٹر) نائب امیر جماعت اسلامی سیکرٹری جنرل ملی یکجہتی کونسل لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ سیاسی جمہوری قیادت انا، ضد اور ہٹ دھرمی ترک کریں، سیاسی، پارلیمانی اور آئینی بحران سے دوچار ہے، الیکشن کمیشن آف پاکستان مفاد پرست آئین انتخابات دشمن جتھوں کے سامنے سرنڈر نہ کرے ۔ بکوٹ شریف ایبٹ آباد میں جامع تفہیم القرآن للبنات، راولپنڈی میں سیاسی انتخابی کمیٹی کے ارکان اور مار گئی مہنگائی کے اختتامی جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آئین کے (بقیہ نمبر 23)

اسلام آباد: ارشد شریف قتل کیس کی تحقیقات میں غلطیاں ہوئی ہیں: سپریم کورٹ

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ایڈیٹوریل پیج

جنرل ریٹائرڈ پرویز مشرف

سابق صدر اور آرمی چیف جنرل (ر) پرویز مشرف اتوار کی صبح دبئی میں انتقال کرگئے۔ ان کی عمر 79 برس تھی، وہ اعضا کی خرابی کی بیماری (ایمیلوئیڈوسس) میں مبتلا تھے اور 18 مارچ 2016 سے دبئی میں قائم ایک امریکی ہسپتال میں زیرعلاج تھے۔ خبروں کے مطابق پرویز مشرف کو کراچی میں سپردخاک کیا جائے گا۔ صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی اور وزیراعظم شہباز شریف سمیت ملک کے دیگر سیاسی ومذہبی رہنماؤں نے ان کے انتقال پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ آئی ایس پی آر کی جانب سے جاری بیان کے مطابق چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی اور آرمی چیف نے پرویز مشرف کے انتقال پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اللہ مرحوم جنرل ریٹائرڈ پرویز مشرف کو غریق رحمت کرے اور ان کے پسماندگان کو صبر وہمت دے۔ سابق صدر پرویز مشرف 11 اگست 1943 کو دہلی میں پیدا ہوئے تھے، پاکستان بننے کے بعد ان کے والدین کراچی میں آباد ہوئے، سات اکتوبر 1998 کو وزیراعظم نواز شریف نے بعض سینئرز کو سپرسیڈ کرتے ہوئے انہیں چیف آف آرمی سٹاف مقرر کیا اور جنرل (ر) پرویز مشرف نے 12 اکتوبر 1999 کو مشہور زمانہ طیارہ سازش کی آڑ میں نواز شریف کا تختہ الٹ دیا اور ملک کے چیف ایگزیکٹو بن گئے، بعدازاں اپریل 2002 میں ریفرنڈم کرا کے باقاعدہ صدر پاکستان منتخب ہو گئے۔ ملک کو روشن خیالی کا تصور دیا، ٹیلی کام اور الیکٹرانک میڈیا کی ترویج کا سہرا بھی انہی کے سر ہے۔ پرویز مشرف تقریبا نو سال (2008-1999) تک آرمی چیف رہے، وہ 2001 میں پاکستان کے 10ویں صدر بنے اور 2008 کے اوائل تک اس عہدے پر فائز رہے۔ 11 ستمبر 2001 کو امریکہ کے ٹوئن ٹاورز پر شدت پسندوں کے حملے میں سینکڑوں افراد ہلاک اور زخمی ہوئے تو مشرف نے اس جنگ میں امریکہ کا ساتھ دینے کا فیصلہ کیا۔ 2006 تک جنرل مشرف نے بلاشرکت غیرے ملک پر حکومت کی، اس وقت تک ان کی مرضی کے بغیر ایک پتہ بھی نہیں ہل سکتا تھا۔ ان کے زوال کی کہانی اس وقت شروع ہوئی جب انہوں نے 2006 کے آخر میں افتخار محمد چوہدری کو ہٹانے کا فیصلہ کیا تاہم اس پر فوری عمل درآمد نہ کیا، وہ بعض معاملات خصوصا سٹیل ملز کی نجکاری کے فیصلے، وزیراعلی سندھ ارباب غلام رحیم کے خلاف منو بھیل کیس میں چیف جسٹس کے ازخود نوٹس اور لاپتہ افراد کے بارے میں یکے بعد دیگرے کئی نوٹسوں کی وجہ سے شدید برہم تھے۔ پرویز مشرف کے اردگرد کی تمام طاقتیں افتخار چوہدری کے خلاف ان کی ذہن سازی میں مصروف تھیں اور بالآخر 9 مارچ 2007 کی صبح چیف جسٹس کو آرمی ہاؤس راولپنڈی میں ملاقات کے لیے بلوایا گیا۔ پرویز مشرف اور ان کے حواریوں نے افتخار چوہدری کو ان پر لگائے گئے الزامات کی فہرست پڑھ کر سنائی اور مستعفی ہونے کا مطالبہ کردیا تاہم چیف جسٹس نے استعفی دینے سے انکار کردیا۔ افتخار چوہدری کم از کم پانچ گھنٹے آرمی ہاؤس میں رہے، میڈیا پر ان کی برطرفی کی خبریں چلنا شروع ہوگئیں، رانا بھگوان داس ملک سے باہر تھے لہذا ان کے بعد سینئر ترین جج جسٹس جاوید اقبال نے قائم مقام چیف جسٹس کے طور پر حلف اٹھالیا اور سپریم جوڈیشل کونسل کے سربراہ کی حیثیت سے فوری طور پر صدارتی ریفرنس قبول کرتے ہوئے 13 مارچ کو افتخار چوہدری کو کونسل کے سامنے پیش ہونے کا حکم نامہ بھی جاری کردیا۔ افتخار چوہدری کی گھر میں نظربندی نے پورے ملک میں فوجی صدر کے خلاف ایک آگ بھڑکا دی، عدلیہ، سول سوسائٹی، سیاسی جماعتیں اور میڈیا تو ایک صفحے پر اکٹھی ہو ہی گئی تھیں، لال مسجد آپریشن نے مذہبی طبقات کی اکثریت کو بھی چیف جسٹس بحالی تحریک میں شمولیت پر مجبور کردیا۔ صدارتی ریفرنس کے خلاف سپریم کورٹ میں اپیل کی گئی جہاں عدلیہ نے معزول چیف جسٹس کو بحال کردیا۔ 12 مئی کو افتخار چوہدری کے دورہ کراچی کے موقع پر کراچی میں 65 کے قریب افراد ہلاک ہوگئے جس پر انہیں ساتھیوں سمیت صوبہ بدر کردیا گیا۔ یکے بعد دیگرے واقعات نے عوام میں پرویز مشرف مخالف جذبات پیدا کردیے اور پرویز مشرف کے لیے حالات ناسازگار ہوتے چلے گئے۔ اس کے باوجود انہوں نے تین نومبر کو ایک بار پھر ایمرجنسی نافذ کردی اور بحال ہوئے چیف جسٹس افتخار چوہدری سمیت اعلی عدلیہ کے ناپسندیدہ ججوں کو گھر بھیج دیا۔ جنرل (ر) پرویز مشرف نے ایمرجنسی لگانے کے بعد میڈیا کو بھی پابند کرنے کی کوشش شروع کردی، ٹی وی چینلز کو بند کیا گیا اور مشرف صاحب کی عوامی مقبولیت مزید زوال کا شکار ہوگئی۔ سیاسی جماعتوں نے پرویز مشرف کو وردی اتارنے پر مجبور کیا۔ بے نظیر بھٹو 18 اکتوبر 2007 کو پاکستان واپس آئیں تو ان کی استقبالیہ ریلی پر ہونے والے خودکش دھماکے میں بیسیوں افراد ہلاک ہوئے۔ پرویز مشرف نے 27 نومبر 2007 کو اپنی فوجی وردی اتاردی اور جنرل اشفاق پرویز کیانی کو آرمی چیف مقرر کیا۔ پرویز کیانی کے کمان سنبھالنے کے پہلے تین ماہ میں ہی ان کے اور مشرف کے درمیان تعلقات کشیدہ ہوگئے۔ 27 دسمبر 2007 کو راولپنڈی میں بینظیر بھٹو کے قتل نے پرویز مشرف کی مشکلات میں اضافہ کردیا۔ بینظیر بھٹو کی شہادت کے بعد 18 فروری 2008 کو ملک میں ہونے والے عام انتخابات میں پیپلز پارٹی نے اکثریتی نشستیں حاصل کیں مگر اس نے مسلم لیگ ن کے ساتھ مل کر اتحادی حکومت قائم کرلی۔ 8 اگست 2008 کو سابق وزیراعظم اور اس وقت مسلم لیگ ن کے سربراہ نواز شریف نے پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین آصف علی زرداری سے زرداری ہاؤس اسلام آباد میں ملاقات کے بعد اعلان کردیا کہ اگر مشرف استعفی دے دیں تو ٹھیک ورنہ ان کا مواخذہ کیا جاسکتا ہے۔ 18 اگست کو پرویز مشرف نے دن تقریبا دو بجے ایک طویل خطاب کے اختتامی حصے میں اپنے استعفے کا اعلان کیا اور گارڈ آف آنر لے کر ایوان صدر سے رخصت ہوگئے، کچھ عرصے بعد بیرون ملک خودساختہ جلاوطنی اختیار کرلی۔ پرویز مشرف اقتدار سے رخصت ہوئے تو ریٹائرمنٹ کی زندگی گزارنے کی بجائے اپنی سیاسی جماعت آل پاکستان مسلم لیگ بنالی۔ 2013 میں انتخابات میں حصہ لینا چاہا مگر نااہل ہوئے، بعدازاں ججز گرفتاری اور بے نظیر بھٹو کیس میں گرفتار بھی ہوئے۔

صحت کارڈ اور آئی ایم ایف

پی ڈی ایم کی وفاقی حکومت نے پنجاب میں عمران خان دور میں شروع کی گئی صحت کارڈ کی سہولت ختم کردی ہے، اگرچہ ابھی تک حکومت نے وضاحت جاری نہیں کی کہ اس سہولت کو کیوں پنجاب کے عوام سے واپس لیا گیا ہے لیکن 400 ارب روپے اس سکیم پر خرچ ہورہے تھے جس سے

محمد علی یزدانی

پنجاب کے کروڑوں عوام مستفید ہورہے تھے اور یہ ایک ایسا منصوبہ تھا جو عمران خان دور کا ایک قابل فخر کارنامہ قرار دیا جاسکتا ہے کیوں کہ پاکستان میں صحت کی سہولیات پہلے ہی ناکافی ہیں اور عوام کو اس کے لئے کیا کیا پاپڑ بیلنے پڑتے ہیں اس سے ہمارے حکمران بالکل ناآشنا ہیں۔ خبریں آرہی ہیں کہ صحت کارڈ کو اہم سیاسی شخصیت کے کہنے پر ختم کیا گیا ہے لیکن حکومت کو یہ یاد رکھنا چاہئے کہ حکومت وقت کا کام لوگوں کو صحت کی سہولیات پہنچانا ہوتا ہے، تو موجودہ حکومت غریبوں سے یہ سہولت چھین لینا چاہتی ہے اور کسی کی خواہش پر اتنے بڑے فیصلے اگر ایسے ہی لئے جاتے رہے تو پی ڈی ایم کے لئے آئندہ الیکشن جیتنا مشکل ضرور ہو جائے گا۔ کیونکہ مریم نواز کہتی ہیں کہ وہ ووٹ کو عزت دو کے بیانئے پر الیکشن مہم کا آغاز کرچکی ہیں، اگر اسی طرح کی پالیسیاں وفاقی حکومت کی جانب سے جاری رہیں تو ن لیگ کا الیکشن جیتنا یقینا ایک خواب بن جائے گا۔ میں اپنے اس کالم کے ذریعے نہ تو عمران خان کی ترجمانی کررہا ہوں اور نہ ہی میرا مقصد حکومت کو تنقید کا نشانہ بنانا ہے کیوں کہ اس صحت کارڈ کے ذریعے پنجاب میں لاکھوں، کروڑوں لوگ مستفید ہورہے تھے، لوگوں کو پہلی بار احساس ہوا تھا کہ حکومت ان کے لئے کچھ اچھا کرسکتی ہے۔

اگرچہ صحت کارڈ میں کچھ خامیاں تھیں یا ہسپتالوں کی من مانیاں تھیں جس کو دور کیا جاسکتا تھا اور اسے بہتر بنا کر عوام میں پذیرائی حاصل کی جا سکتی تھی لیکن جس طرح سے حکومت نے بیک جنبش قلم اسے ختم کیا اس سے عوام کی بے چینی ضرور بڑھی ہے۔ ایک جانب صحت کارڈ ختم کیا ہے تو دوسری طرف ایسی خبریں بھی ہیں کہ آئی ایم ایف کا جائزہ وفد جو ان دنوں پاکستان آیا ہوا ہے اس کی جانب سے بھی عوام کو دی گئی سبسڈی ختم کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے اور حکومت سے کہا گیا ہے کہ اگر آئی ایم ایف سے ایک ارب ڈالر چاہئیں تو عوام کو دی گئی سبسڈی ختم کریں۔ جیسے کہ صحت کارڈ کو ختم کیا گیا ہے جس پر پنجاب میں چارسو ارب روپے خرچ ہورہے تھے تو کچھ معاشی ماہرین کا کہنا ہے کہ ہوسکتا ہے کہ آئی ایم ایف کو راضی کرنے کے لئے حکومت نے یہ اقدام اٹھایا ہو۔ جس طرح سے ہمارے حکمران ایک ارب ڈالر کے لئے آئی ایم ایف کے آگے بچھے جارہے ہیں یہ بڑی خطرناک صورتحال ہے کیوں کہ پاکستان ایک ایٹمی قوت کا حامل ملک ہے اور پاکستان کے دشمنوں کی ایک عرصے سے پاکستان کے ایٹمی پروگرام اور اس کی فوجی قوت پر نظر رہی ہے۔

غیر معمولی حالات، غیر معمولی فیصلے

ایسا لگتا ہے کہ آئی ایم ایف سے معاملات طے ہونے کے بعد کم از کم فی الحال تو دیوالیہ ہونے کا خطرہ ٹل جائے گا۔ آئی ایم ایف سے معاہدے کے بعد دوسرے عالمی ادارے اور کچھ دوست ملک یقینا پاکستان کی مدد کریں گے کیونکہ دوست ملکوں نے بھی آئی ایم ایف کی شرط لگادی تھی۔ قوی امکان ہے کہ ڈالر بھی کچھ نیچے آ جائے گا۔ اسحاق ڈار کا 200 روپے کا ٹارگٹ تو شاید پورا نہ ہو۔ اب اس بحث میں نہیں پڑتے کہ اس صورتحال تک پہنچنے میں کس پارٹی کا کیا کردار رہا ہے لیکن یہ بات طے ہے کہ یہ

اے خالق سرگانہ

ریلیف وقتی ہے مستقل حل نہیں۔ بظاہر ایسا لگتا ہے کہ ہم ایک سال بعد پھر اسی قسم کی صورت حال سے دوچار ہوں گے۔

پاکستان کو وجود میں آئے ہوئے 75 سال ہوگئے ہیں تقریبا 23 کروڑ آبادی ہے اور کافی بڑی اور مضبوط فوج اور پھر ہم نیوکلیئر پاور ہیں لیکن ہم ایک ناکام ملک بن چکے ہیں۔ کوئی شعبہ لے لیں ہم اپنے خطے میں بھی پیچھے رہ گئے ہیں۔ 23 ویں بار ہم آئی ایم ایف سے مدد لے رہے ہیں لیکن وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ہماری معیشت سنبھلنے کی بجائے خطرناک صورت حال سے دوچار ہوچکی ہے آخر ہم کب تک دوست ملکوں سے مدد مانگیں گے۔ آج اور کل کے حکمران خود بھی یہی کہہ رہے ہیں لیکن کسی کے پاس کوئی حل نظر نہیں آ تا۔ بجٹ کے لئے حکومت کچھ سطحی سی کوششیں کر رہی ہے۔ وزیراعظم نے اس سلسلے میں ایک کمیٹی بھی بنادی ہے لیکن اب تک اس حکومت اور پی ٹی آئی کی حکومت کی بچت سکیمیں دیکھیں تو کچھ مذاق سا لگتا ہے۔ عمران خان نے کابینہ کی میٹنگ میں چائے منع کر دی تھی اور وزیراعظم ہاؤس میں کھڑی قیمتی گاڑیوں کی نیلامی کا اعلان کیا تھا۔ آج تک پتہ نہیں چل سکا کہ ان قیمتی گاڑیوں کی نیلامی سے کتنے ارب روپے کی بچت ہوئی تھی۔ اس حکومت نے بھی کوئی انقلابی کام نہیں کیا۔ اس حکومت سے تو توشہ خانے کے تحفوں کا مسئلہ حل نہیں ہورہا۔ کاش یہ اس سلسلے میں بھارتی حکومت کے فیصلے سے کچھ سیکھ لیتے۔

آج کل خیبرپختونخوا حکومت اور وفاقی حکومت کی طرف سے اِن غیرمعمولی حالات میں قیمتی گاڑیوں کی خریداری کا معاملہ پریس میں آ چکا ہے۔ یہ بڑے شرم کی بات ہے کہ ملک دیوالیہ ہونے والا ہے اور حکومت قیمتی گاڑیاں خرید رہی ہے۔ میں نے ایک پچھلے کالم میں حکومت کو مشورہ دیا تھا کہ وہ فیصلہ کریں کہ آئندہ کوئی افسر 1300 سی سی سے بڑی گاڑی استعمال نہیں کرے گا۔ تمام بڑی گاڑیوں کو نیلام کیا جائے اور ساتھ ہی محکموں میں فالتو گاڑیوں کو نیلام کیا جائے جن کا عموما غلط استعمال ہوتا ہے اور نئی گاڑیوں کی خریداری پر پابندی لگائی جائے لیکن ایسے کوئی آثار نظر نہیں آ رہے۔

کروڑوں اربوں روپے ہر سال ترقیاتی کاموں کے لئے قومی اور صوبائی اسمبلیوں کے ارکان کو دیئے جاتے ہیں ان سے یقینا ترقیاتی کام بھی ہوتے ہیں لیکن پیسے کا ضیاع بھی بہت بڑھ گیا ہے کیونکہ ترقیاتی کام کرنے والے محکمے تو اس میں اپنا حصہ وصول کرتے ہی تھے جو ہم نے بحیثیت قوم قبول کیا ہوا ہے، اب عوامی نمائندوں کا حصہ بھی اس میں شامل ہوگیا ہے۔ اول تو غیرمعمولی حالات کے پیش نظر ان ترقیاتی کاموں کو وقتی طور پر روک دینا چاہئے یا متعلقہ محکمے اور عوامی نمائندے کم از کم کچھ عرصے کے لئے کمیشن کے معاملے میں قوم پر رحم کریں۔ ویسے بھی بلدیاتی انتخابات کروا کر ترقیاتی کام ان کے ذریعے کئے جائیں۔ ایم این اے کا کام ترقیاتی کام کروانا نہیں بلکہ پارلیمنٹ میں پالیسیاں بنانا ہے۔ ہم دوسرے اداروں کو کہتے رہتے ہیں کہ وہ اپنا اپنا کام کریں لیکن یہاں خود لوکل باڈیز کا کام ایم این ایز نے سنبھالا ہوا ہے۔

غیرملکی دوروں کی ضروریات اور وفد کے سائز پر غور کرنے کی ضرورت ہے۔ سرکاری افسروں کا سب سے دلچسپ مشغلہ دورہ ہوتا ہے۔ اِس رجحان کی حوصلہ شکنی کی جانی چاہئے موجودہ حالات میں صرف بہت ضروری دوروں کی اجازت دی جانی چاہئے اور وزیراعظم اور وزرا کے دوروں میں یہ طے ہونا چاہئے کہ وہ فائیو سٹار ہوٹلوں میں قیام نہیں کریں گے اس سلسلے میں پریس کی تنقید کے جواب میں یہ کہا جاتا ہے کہ فلاں دورے کے اخراجات وزیر صاحب یا وزیراعظم صاحب نے جیب سے ادا کئے ہیں لیکن کوئی اس بات کا یقین نہیں کرتا۔ یہ عمرے پر جہاز بھر کر لے جانے کی پریکٹس بھی مکمل طور پر ختم کر دینی چاہئے۔

سٹیل مل جیسے کئی ادارے سالوں سے مکمل خسارے میں جارہے ہیں اور یہ بجٹ پر مسلسل بوجھ بنے ہوئے ہیں اِن کی نجکاری کر کے اربوں روپے وصول کئے جا سکتے ہیں۔ سپریم کورٹ کے چیف جسٹس افتخار محمد چوہدری نے سٹیل مل کی نجکاری کا سودا کالعدم قرار دیا تھا لیکن آئندہ کے لئے تو کوئی پابندی نہیں لگائی تھی، حکومت کو اس پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ ضلع اور ڈویژن کی سطح پر سرکاری افسروں کے گھر 20، 20 کنال زمین پر محیط ہیں لیکن حیرت ہے کہ کوئی حکومت اس معاملے میں فیصلہ کرنے سے گریزاں ہے۔ صوبائی سطح پر گورنر ہاؤس کئی کئی مربعوں میں پھیلے ہوئے ہیں اور دیکھ بھال کے لئے تین تین سو ملازمین کام کررہے ہیں۔ آزادی کے 75 سال بعد ہمارے گورنر انگریز گورنروں کے جانشین بنے ہوئے ہیں۔ آج کے حالات کا کسی کو احساس نہیں، قربانی صرف عام آدمی سے مانگی جاتی ہے۔ مرکز میں 78 وزرا اور مشیروں کی فوج بھرتی کر کے پی ڈی ایم نے ایک افسوسناک ریکارڈ قائم کیا ہے۔ کابینہ زیادہ سے زیادہ تیس ارکان پر مشتمل ہونی چاہئے۔

مخدوم جاوید ہاشمی، بول کہ لب آزاد ہیں تیرے

مسلم لیگ (ن) کی چیف آرگنائزر مریم نواز ملتان آئیں تو اپنی معمول کی مصروفیات سے وقت نکال کر وزیراعظم کے مشیر ملک عبدالغفار ڈوگر کے گھر بھی گئیں۔ اس موقع پر انہوں نے ملک عبدالغفار ڈوگر کو مشکل حالات کے باوجود پارٹی کے ساتھ کھڑے رہنے پر شاباش دی۔ اس ملاقات کے بعد ملتان کے صحافی یہ کہتے پائے گئے کہ مریم نواز کو مخدوم جاوید ہاشمی کے گھر بھی جانا چاہئے تھا ایک تو ان

نسیم شاہد

کے دل کا بائی پاس آپریشن ہوا تھا اور دوسرا وہ بھی ایک ایسے پارٹی رہنما ہیں جنہوں نے کسی بھی صورت حال میں مسلم لیگ (ن) کے ساتھ وابستگی برقرار رکھی ہے اور نواز شریف کو اپنا لیڈر تسلیم کیا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ مخدوم جاوید ہاشمی مریم نواز کے دورہ ملتان میں کہیں بھی نمایاں نظر نہیں آئے۔ البتہ ان کا مخالف گروپ ہر جگہ پیش پیش رہا۔ اصولا تو جہاں مریم نواز نے رانا ثنا اللہ اور پرویز رشید کو اپنے ساتھ بٹھایا تھا، اسی طرح مخدوم جاوید ہاشمی کو بھی یہ مقام دینا چاہئے تھا مجھے صحافی دوستوں نے بتایا کہ ملتان کے پارٹی کنونشن میں مخدوم جاوید ہاشمی کو دعوت نہیں دی گئی تھی اس کے باوجود مریم نواز کی آمد سے پہلے پنڈال میں پہنچ گئے اور اسٹیج پر موجود تھے۔ تاہم ان سے نہ تو تقریر کرائی گئی اور نہ ہی مریم کے ساتھ ان کی کوئی فوٹو بن سکی۔ مخدوم جاوید ہاشمی ایسے موقعوں پر زبان بند نہیں رکھتے تاہم وہ اب تک خاموش ہیں اور انہوں نے اس صورت حال پر کوئی تبصرہ نہیں کیا۔ مخدوم جاوید ہاشمی کا سیاسی قد کاٹھ اس وقت ملک کے تمام سیاست دانوں سے بڑا ہے وہ سینئر ترین سیاستدان ہیں۔ شاہد خاقان عباسی تو پھر بھی ناراض ہو کر ایک سائیڈ پر بیٹھ گئے ہیں لیکن مخدوم جاوید ہاشمی کا حوصلہ ہے کہ تمام تر بے اعتنائی کے باوجود مسلم لیگ (ن) کے ساتھ کھڑے ہیں اور زبان پر کوئی شکوہ بھی نہیں لا رہے۔ مخدوم جاوید ہاشمی کی زندگی کا واحد قصور یہ ہے کہ وہ مسلم لیگ (ن) چھوڑ کر تحریک انصاف میں چلے گئے تھے تاہم انہوں نے تحریک انصاف کو اس وقت چھوڑ دیا تھا جب مسلم لیگ (ن) کی حکومت کے خلاف عمران خان کی تحریک عروج پر تھی۔ یہ اتنا بڑا اقدام تھا کہ جس نے تحریک انصاف کو سیاسی طور پر بہت نقصان پہنچایا تھا۔ اس کے صلے میں مخدوم جاوید ہاشمی کو مسلم لیگ (ن) میں ایک بڑا مقام ملنا چاہئے تھا مگر حقیقت یہ ہے کہ اس کے بعد سے اب تک مخدوم جاوید ہاشمی کو مسلم لیگ (ن) میں کھلے دل سے قبول نہیں کیا گیا۔

مریم نواز اگر اپنے ملتان کے دورے میں مخدوم جاوید ہاشمی سے ملتیں تو یہ پیغام جاتا کہ وہ انکلز کو بھولی نہیں۔ یہ جو کہا جارہا ہے کہ مریم نواز بھی بے نظیر بھٹو کی طرح پارٹی کے انکلز سے نجات حاصل کریں گی تو وہ تاثر بھی دور ہو جاتا۔ مخدوم جاوید ہاشمی اپنی طرز کے سیاستدان ہیں ان کے بارے میں کوئی پیش گوئی کرنا مشکل ہے۔ تاہم ایک بات طے ہے کہ وہ مسلم لیگ (ن) میں نواز شریف کو اپنا قائد تسلیم کرتے ہیں البتہ مسلم لیگ (ن) کے اندر ان کے خلاف ایک مزاحمت ہمیشہ موجود رہی ہے۔ اس کا اظہار انہوں نے بارہا کیا ہے اور اپنی کتاب میں بھی لکھا ہے۔ ان کے خلاف پارٹی کے اندر سازشیں ہوتی رہی ہیں اس سے بددل ہوکر انہوں نے تحریک انصاف میں جانے کا فیصلہ کیا تھا تاہم وہ صدر کا عہدہ لینے کے باوجود وہاں خود کو مس فٹ سمجھتے تھے۔ اس لئے موقع ملتے ہی اپنی پارٹی میں واپس آ گئے مگر انہیں پھر بھی قبول نہیں کیا گیا۔ گزشتہ کئی برسوں سے مسلم لیگ (ن) (ملتان کی تنظیم انہیں نظر انداز کر رہی ہے۔ مگر اس کے باوجود انہوں نے پارٹی سے اپنے تعلق کو کمزور نہیں ہونے دیا۔ کئی سالوں سے یہ یکطرفہ تعلق برقرار ہے۔ جب بھی موقع ملتا ہے مخدوم جاوید ہاشمی نواز شریف کے حق میں بیان جاری کر دیتے ہیں ان کی یہ کوششیں کس حد تک کامیاب رہیں، اس کا اندازہ اس امر سے لگایا جا سکتا ہے کہ مریم نواز نے ملتان آ کر ان کے بارے میں پوچھا تک نہیں، نہ ہی ذکر کیا اب قومی حلقہ نمبر 155 میں ضمنی انتخاب ہونے جا رہے ہیں۔ یہ وہ حلقہ ہے جہاں سے مخدوم جاوید ہاشمی الیکشن میں حصہ لیتے رہے ہیں تاہم لگتا نہیں کہ انہیں مسلم لیگ (ن) ٹکٹ دے گی۔ کیونکہ اس حلقے سے طارق رشید بھی امیدوار ہیں اور مریم نواز کے حالیہ دورے میں وہ ہر جگہ ان کے ساتھ رہے ٹکٹ کا قرعہ فال ان کے نام نکل سکتا ہے۔ بہتر تو یہی ہے کہ مخدوم جاوید ہاشمی از خود یہ اعلان کریں کہ وہ مسلم لیگ (ن) کی ٹکٹ کے امیدوار نہیں تاہم مسلم لیگ (ن) کی حمایت کریں گے کیونکہ شاہد خاقان عباسی کی طرح احتجاج وہ کر نہیں سکتے کہ ان کی عادت نہیں پچھلے کچھ عرصے سے مخدوم جاوید ہاشمی نے اپنا بیانیہ اسٹیبلشمنٹ کے خلاف رکھا۔ وہ ٹی وی چینلوں پر تو بین ہو گئے تھے تاہم اپنے ویڈیو پیغام اور پریس کانفرنسوں کے ذریعے ایک دبنگ آواز بن کر سامنے آتے رہے شاید ان کی یہ باتیں بھی ان کی سیاست کے راستے میں رکاوٹ بن گئی ہیں کیونکہ اب حالات بدل گئے ہیں اور مسلم لیگ (ن) اسٹیبلشمنٹ کے خلاف نہیں اس کے ساتھ کھڑی ہے۔ آج پیچھے مڑ کے دیکھیں تو یہ مخدوم جاوید ہاشمی کا یہ فیصلہ درست ہی لگتا ہے کہ انہوں نے تحریک انصاف کو خیرباد کہہ دیا تھا۔ اگرچہ اس کے بعد تحریک انصاف والوں نے ان کا نام باغی کی بجائے داغی رکھ دیا تھا تاہم سوچنے کی بات یہ ہے کہ عمران خان آج کل جس طرح کے فیصلے کر رہے ہیں کیا مخدوم جاوید ہاشمی تحریک انصاف میں ہوتے تو خاموشی اختیار کر کے قبول کر لیتے اس وقت تحریک انصاف میں یہ صورت حال ہے کہ زمان پارک میں جتنے بھی اجلاس ہوتے ہیں ان میں عمران خان کی سوچ حاوی ہوتی ہے اور کوئی ان سے اختلاف کی جرأت نہیں کرتا۔ یہی وجہ ہے کہ پے در پے ان فیصلوں کی وجہ سے آج تحریک انصاف سیاسی طور پر ایسے دوراہے پر آ کھڑی ہوئی ہے جہاں سے کسی سمت کو بھی منزل کی طرف جانے والا راستہ نظر نہیں آ رہا، ویسے بھی ملتان کے ایک مخدوم شاہ محمود قریشی تحریک انصاف میں ہیں۔ مخدوم جاوید ہاشمی ہوتے تو شاید ان کا اس طرح چراغ نہ جل رہا ہوتا جیسے اب جل رہا ہے بات ہو رہی تھی مریم نواز کے دورہ ملتان میں مخدوم جاوید ہاشمی کو نظر انداز کرنے کی یہ بات مریم نواز کے علم میں بھی تھی کہ مسلم لیگ (ن) ملتان کے سینئر ترین رہنما مخدوم جاوید ہاشمی منظر سے غائب ہیں۔

ہوٹل کے ہال میں جب مریم نواز پریس کانفرنس کر رہی تھیں تو ایک صحافی نے باقاعدہ ان سے سوال بھی پوچھا کہ سینئر ترین رہنما کو کیوں نظر انداز کیا جا رہا ہے۔ اس پر مریم نواز نے جواب دیا کہ مخدوم جاوید ہاشمی ہمارے بزرگ ہیں، انہیں نظر انداز نہیں کیا جا سکتا، جبکہ عملا یہ صورت حال تھی کہ ورکرز کنونشن میں بھی مخدوم جاوید ہاشمی از خود آئے تھے انہیں باقاعدہ دعوت نہیں دی گئی تھی۔ کیونکہ دعوت دی جاتی تو ان کی نشست بلحاظ سنیارٹی مریم نواز کے ساتھ ہوتی اب سوال یہ ہے کہ کیا مخدوم جاوید ہاشمی کو بھی شاہد خاقان عباسی کی طرح کوئی فیصلہ کر لینا چاہئے؟ کیا انہیں لب کھول لینے چاہئیں کہ مسلم لیگ (ن) میں سینئر رہنماں کو نظر انداز کیا جا رہا ہے اور خوشامدی لوگ آگے آ رہے ہیں؟ اگر چیف آرگنائزر کی ملتان موجودگی میں مخدوم جاوید ہاشمی کہیں نظر نہیں آتے اور انہیں مرتبے کے مطابق پارٹی میں جگہ نہیں دی جاتی تو اس میں مخدوم صاحب کے لئے واضح پیغام ہے وہ اگر اسے نہیں سمجھنا چاہتے تو یہ ان کی مرضی ہے۔ گزشتہ کئی برسوں سے مسلم لیگ (ن) (ملتان کی تنظیم انہیں نظر انداز کر رہی ہے۔ مگر اس کے باوجود انہوں نے پارٹی سے اپنے تعلق کو کمزور نہیں ہونے دیا۔ کئی سالوں سے یہ یکطرفہ تعلق برقرار ہے۔ جب بھی موقع ملتا ہے مخدوم جاوید ہاشمی نواز شریف کے حق میں بیان جاری کر دیتے ہیں ان کی یہ کوششیں کس حد تک کامیاب رہیں۔

SHOWBIZ شوبز

میرے لئے تمام ہیرو ایک جیسے ہی ہیں، اداکارہ سجل علی

مجھے پاکستان میں کام کرتے ہوئے جتنی خوشی ہوتی ہے اسے بیان نہیں کرسکتی

لاہور (شوبز نیوز) معروف اداکارہ سجل علی نے کہا کہ میرے لئے فلم اور ٹی وی میں کام کرنے والے تمام ہیرو ایک جیسے ہی ہیں- اداکارہ کا کہنا تھا کہ میں کسی کو نمبر ون یا نمبر ٹو قرار نہیں دے سکتی۔ انہوں نے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میں نے شوبز انڈسٹری میں جب قدم رکھا تھا تو میرے تصور میں بھی نہیں تھا کہ اتنی کامیابیاں ملیں گی اور اتنی مقبولیت حاصل کروں گی۔ یہ سب کچھ آپ کے نصیب میں لکھا ہوتا ہے بس ایک وقت مقرر ہوتا ہے اور مقررہ وقت ہی آپ اپنے ہدف تک پہنچتے ہیں۔

ترکیہ زلزلہ، کورولش عثمان کے اہم اداکار اہلیہ سمیت چل بسے

اداکار جاگدس جنکایا اپنی اہلیہ زلان تگرس سمیت ملبے تلے دب کر جان کی بازی ہار گئے

انقرہ (شوبز نیوز) گزشتہ ہفتے ترکیہ میں آنے والے ہولناک زلزلے میں معروف ترک سیریز کورولش عثمان میں اہم کردار نبھانے والے اداکار جاگدس جنکایا اپنی اہلیہ زلان تگرس سمیت ملبے تلے دب کر جان کی بازی ہار گئے۔ پروڈکشن کمپنی بوزداغ فلم کی جانب سے انسٹاگرام پر جاگدس اور ان کی موسیقار اہلیہ زلان کی موت کی تصدیق کی گئی ہے۔ پروڈکشن کمپنی کی جانب سے دونوں کی تصویر شیئر کی گئی اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے لکھا گیا کہ اداکار جاگدس جانکایا اہلیہ سمیت ترکیہ میں آنے والے زلزلے کے ملبے تلے دب کر جاں بحق ہوگئے جب کہ ساتھ ہی ان کی مغفرت کے لیے دعا بھی کی گئی۔ جاگدس جانکایا نے اسلامی فتوحات پر مبنی شہرہ آفاق ترک ڈرامہ سیریز عثمان غازی المعروف کورولش عثمان میں قونیہ محل کے ایک اہم سپاہی کا کردار نبھایا تھا۔ واضح رہے کہ ترکیہ اور شام میں 6 فروری کو آنے والے زلزلے سے اموات کی تعداد 34 ہزار سے تجاوز کرگئی ہے۔

KURULUŞ
OSMAN

فلم تیزاب نے میری زندگی بدل دی تھی، مادھوری ڈکشٹ

بعدازاں کئی فلمیں بھی کیں جو کہ ناکامی کی وجہ سے شہرت دلوانے کا سبب نہ بن سکی تھیں

ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ اداکارہ مادھوری ڈکشٹ نے کہا ہے کہ ابتدا میں میری کئی فلمیں ناکام ہوئیں تاہم 1988 میں ریلیز ہونے والے فلم تیزاب نے مجھے شہرت بخشی۔ بالی ووڈ کی دھک دھک گرل مادھوری ڈکشٹ نے حال ہی میں معروف پروگرام کپل شرما شو میں شرکت کی جہاں انہوں نے بتایا کہ ابتدا میں مجھے مقبول نہ ہونے کی وجہ سے معاون اداکارہ کے کردار میں لیا جاتا تھا اور بعدازاں کئی فلمیں بھی کیں جو کہ ناکامی کی وجہ سے شہرت دلوانے کا سبب نہ بن سکی تھیں۔ مادھوری نے بتایا کہ 1988 میں جب فلم تیزاب ریلیز ہوئی تو اس نے میری زندگی ہی بدل دی تھی۔

شادی کا استقبالیہ: کیارا کا انگلش اور انڈین ٹچ مداحوں کی توجہ کا مرکز بن گیا

ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ کی خوبرو جوڑی سدھارتھ ملہوترا اور کیارا ایڈوانی کے استقبالیے میں دلہن کا انگلش اور انڈین ٹچ مداحوں کی توجہ کا مرکز بن گیا۔ 7 فروری کے روز جیسلمیر میں شادی کے بندھن میں بندھنے والی بالی ووڈ جوڑی سدھارتھ اور کیارا کا ریسیپشن 12 فروری کو ممبئی میں ہوا جس میں بالی ووڈ شخصیات سمیت دلہا اور دلہن کے عزیز واقارب بھی بڑی تعداد میں شریک ہوئے۔ استقبالیہ کیلئے سدھارتھ نے جہاں سیاہ رنگ کے کوٹ کا انتخاب کیا۔

عام آدمی کے حقوق صرف نعروں میں رہ گئے ہیں، اداکار شان

امجد اسلام امجد سمیت سب ادبی لوگ تو چلے گئے صرف سیاستدان بچ گئے ہیں

کراچی (شوبز نیوز) نامور پاکستانی اداکار شان نے کہا ہے کہ عام آدمی کے حقوق آج صرف سیاستدانوں کے نعروں میں رہ گئے۔ پاکستان لٹریچر فیسٹیول میں گفتگو کرتے ہوئے اداکار شان کا کہنا تھا کہ کشمیریوں پر ہونے والے ظلم پر بات کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ لاک ڈاؤن میں ہم سے دن نہیں گنے جارہے تھے تو کشمیر کی حالت کیا ہوگی، آزادی حاصل کرنا ہر ایک کا حق ہے۔ شان کا کہنا تھا کہ عام آدمی کے حقوق آج صرف سیاستدانوں کے نعروں میں رہ گئے ہیں۔ سیاسی لوگوں کی گفتگو سن کر ایسا لگتا ہے۔

کنگنا رناوت نوازالدین صدیقی کے حق میں بول پڑیں

اتنا دکھ ہو رہا ہے یہ سب دیکھ کر نواز صاحب کو ان کے گھر کے باہر ایسے بے عزت کیا جارہا ہے، کنگنا

ممبئی (شوبز نیوز) بھارتی اداکارہ کنگنا رناوت اداکار نوازالدین صدیقی کی اہلیہ کی جانب سے ویڈیو سوشل میڈیا پر شیئر کیے جانے کے بعد بالی ووڈ اداکار کے حق میں بول پڑیں۔ واضح رہے کہ ایک روز قبل عالیہ صدیقی نے نوازالدین صدیقی سے بات چیت کی ایک ویڈیو سوشل میڈیا پر شیئر کی تھی جس میں دونوں اپنے تعلقات سے متعلق نجی گفتگو کر رہے ہیں۔ ویڈیو دیکھ کر یہ بھی امکان ہوتا ہے کہ نوازالدین صدیقی کی اہلیہ نے یہ ویڈیو خفیہ طریقے سے بنائی۔ اس حوالے سے فوٹوز اینڈ ویڈیوز شیئرنگ ایپ انسٹاگرام اسٹوری پر کنگنا رناوت نے تحریر کیا کہ 'اتنا دکھ ہو رہا ہے یہ سب دیکھ کر۔ نواز صاحب کو ان کے گھر کے باہر ایسے بے عزت کیا جارہا ہے۔ کنگنا نے مزید لکھا کہ 'نوازالدین نے اپنا سب کچھ اپنے اہل خانہ کو دے دیا۔

شاہ رخ خان کی فلم 'پٹھان' 17 روز میں 900 کروڑ کا کاروبار کرنے میں کامیاب



ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ کے کنگ خان کی نئی فلم 'پٹھان' تنازعات کے باوجود 17 روز میں 900 کروڑ کا کاروبار کرنے میں کامیاب ہوگئی جبکہ 100 کروڑ کی ریس میں شامل ہونے سے چند قدم دور رہ گئی۔ یش راج فلمز کی جانب سے ہفتے کے روز دنیا بھر میں ہونے والے فلم کے کاروبار کے اعداد و شمار جاری کیے گئے جس میں بتایا گیا ہے کہ فلم نے ریلیز کے ابتدائی 17 روز میں باکس آفس پر 900 کروڑ کا کاروبار کرلیا۔ اعداد وشمار کے مطابق فلم نے بھارت میں 464 کروڑ جبکہ بیرون ممالک میں 344 کروڑ روپے کا کاروبار کیا ہے۔

SPORTS سپورٹس

بچوں کی پرجوش انداز میں شرکت، ہر طرف خوشیوں کی بہار، مقابلہ جات میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلبا وطالبات میں انعامات کی تقسیم

صادقین جوہر اکیڈمی کراچی میں شاندار رنگارنگ سپورٹس ڈے

ڈائریکٹر آف صادقین ایجوکیشن سروسز خواجہ محمد طارق اور پرنسپل آف صادقین جوہر اکیڈمی میڈم سین فصیح کی طرف سے اساتذہ اور بچوں کو زبردست خراج تحسین

اذہان وقلوب کی تعمیری تعلیم وتربیت میں کھیل کلیدی اہمیت رکھتے ہیں، ایسے خوبصورت اور مثبت پروگراموں کا انعقاد وقت کی اہم ضرورت ہے اس لیے یہ سلسلہ جاری رکھا جائے گا، سکول انتظامیہ کا عزم

کراچی (نوشین شفیق) کھیل انسانی صحت و تندرستی میں معاون کردار ادا کرتے ہیں جس سے بچوں میں جسمانی و ذہنی بناوٹ کو تقویت ملتی ہے اور صبر، حوصلہ، برداشت اور نظم وضبط جیسی خوبیاں پروان چڑھتی ہیں دور جدید کے اسی تقاضے کو پورا کرنے کے لئے لیے صادقین ایجوکیشن سروسز (صادقین جوہر اکیڈمی گلستان جوہر کیمپس) نے کھیلوں کے خوبصورت مقابلے کرائے جس میں طلبا وطالبات اور والدین کی مسرت وخوشی قابل دید رہی جو کہ سکول انتظامیہ کے لئے قابل ستائش ہے اس خوبصورت اور ایز جیک گیم شو کو عملی جامہ پہنانے کے لیے صادقین جوہر اکیڈمی کی وائس پرنسپل میڈم فائزہ، اسسٹنٹ پرنسپل مس مصباح، سیکنڈری ڈیپارٹمنٹ کی کوآرڈینیٹر مس تہنیت رضوان اور ان کے ساتھ تمام اساتذہ اکرام نے کلیدی کردار ادا کیا جنکی انتھک محنت، کوششوں، جذبوں نے اس دن کو نہایت خوش اسلوبی کے ساتھ پایہ تکمیل تک پہنچایا۔ پروگرام کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن مجید سے کیا گیا اور مہمان خصوصی ڈائریکٹر جناب سر خواجہ محمد طارق اور پرنسپل میڈم سین فصیح کی آمد پر تمام اساتذہ اکرام اور پوری ٹیم نے نہایت جوش وخروش کے ساتھ انہیں خوش آمدید کہا۔ ننھے منھے پیارے پیارے بچوں نے ویلکم ٹیبلو پیش کیا۔ تمام طلبا وطالبات نے کھیلوں کے مقابلے میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ اس سلسلے میں چار مختلف ہاؤس بنائے گئے تھے۔ ریڈ ہاؤس، گرین ہاؤس، یلو ہاؤس، اور بلیو ہاؤس جس کا مقصد بچوں میں نظم و ضبط، صبر اور برداشت کے ساتھ ساتھ حوصلے برقرار رکھنا تھا۔ ہاؤس کیپٹنز نے بھی اپنی ذمہ داری بھرپور طریقے سے نبھائی بہترین پرفارمنس کے لیے رنگ ڈرل، بمبو ڈرل اور مارچ پاسٹ شامل رہے۔ بچوں کی حوصلہ افزائی کے لئے پوزیشن حاصل کرنے والے طلبا وطالبات میں میڈلز تقسیم کیے گئے اور یہ خوبصورت فریضہ ڈائریکٹر آف صادقین ایجوکیشن سروسز سر جناب خواجہ محمد طارق اور پرنسپل آف صادقین جوہر اکیڈمی میڈم سین فصیح نے انجام دیے۔ آخر میں تمام حاضرین کو ہدیہ آفرین وتحسین پیش کرتی ہوں جنہوں نے خلوص ومحنت سے نہ صرف اپنے فرائض انجام دیئے بلکہ مکمل ذمہ داری سے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ ہم اللہ کی مقدس ذات کے حضور سجدہ ریز ہوکر دعا گو ہیں کہ اللہ سبحان وتعالی صادقین جوہر اکیڈمی کو دن دگنی رات چوگنی ترقی کی راہ پر رواں دواں رکھے۔

ویمن ٹی 20 ورلڈکپ، پاکستان کیخلاف متنازع امپائرنگ کا فائدہ بھارت کو مل گیا

جوہانسبرگ (سپورٹس نیوز) متنازع امپائرنگ فیصلے نے پاکستان کے خلاف ویمنز ورلڈکپ میچ میں بھارت کو فائدہ پہنچادیا۔ ویمن ٹی 20 ورلڈکپ میں پاکستان اور بھارت کے درمیان کھیلے جانے والے میچ میں میں پاکستان کے خلاف امپائر کے متنازع فیصلے سے بھارتی ٹیم کو فائدہ مل گیا۔ ہدف کے تعاقب میں جانے والی بھارتی ٹیم کے ساتویں اوور میں امپائر جیکولین ولیمز نے ایک گیند اضافی کروادی، جس پر جمیما روڈریگز نے چوکا جڑدیا، بعدازاں وہ 38 بالز پر 53 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہیں، ان کی اس کاوش کی بدولت بھارت یہ میچ جیت گیا۔ سوشل میڈیا پر بھی ناقص امپائرنگ کی وجہ سے شدید تنقید کی جارہی ہے۔

متنازع امپائرنگ فیصلے نے پاکستان کے خلاف ویمنز ورلڈکپ میچ میں بھارت کو فائدہ پہنچادیا۔ ویمن ٹی 20 ورلڈکپ میں پاکستان اور بھارت کے درمیان کھیلے جانے والے میچ میں میں پاکستان کے خلاف امپائر کے متنازع فیصلے سے بھارتی ٹیم کو فائدہ مل گیا۔ ہدف کے تعاقب میں جانے والی بھارتی ٹیم کے ساتویں اوور میں امپائر جیکولین ولیمز نے ایک گیند اضافی کروادی، جس پر جمیما روڈریگز نے چوکا جڑدیا، بعدازاں وہ 38 بالز پر 53 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہیں، ان کی اس کاوش کی بدولت بھارت یہ میچ جیت گیا۔ سوشل میڈیا پر بھی ناقص امپائرنگ کی وجہ سے شدید تنقید کی جارہی ہے۔

پی ایس ایل کے دوران اچھے کھلاڑیوں کو تلاش کرینگے: بابراعظم

بابراعظم نے کہا بیٹنگ میں کچھ نیا کرنے کی کوشش ہے، پریکٹس میں کچھ تجربات کیے ہیں

کراچی (سپورٹس نیوز) پشاور زلمی کے کپتان بابراعظم نے کہا ہے کہ پی ایس ایل کے دوران اچھے کھلاڑیوں پر نظر ہوگی جو آگے چل کر پاکستان کرکٹ ٹیم کا حصہ بن سکیں۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بابراعظم نے کہا کہ وقت کے تقاضوں کے مطابق اپنی بیٹنگ میں نئے خطوط پر کام کررہا ہوں، لیگ میں مقابلے دلچسپ اور سخت ہوں گے، سپنرز کو کم کھیلنے کا موقع ملتا ہے اس لیے سپن بولنگ کے خلاف پریکٹس پر توجہ دی ہے۔ بابراعظم نے کہا بیٹنگ میں کچھ نیا کرنے کی کوشش ہے، پریکٹس میں کچھ تجربات کیے ہیں جن پر عمل کروں گا، کراچی کنگز کے پاس کوالٹی بولرز موجود ہیں، کوالٹی بولرز کیخلاف کھیلنے کا مزہ آتا ہے، سیکھنے کا عمل ہمیشہ جاری رہتا ہے۔ فاسٹ بولر محمد عامر کے مدمقابل آنے کے حوالے سے سوال پر انہوں نے کہا کہ ہر ٹیم میں اچھے بولر اور اچھے بیٹر ہوتے ہیں۔ پشاور زلمی کے کپتان کا کہنا تھا کہ وہاب ریاض پی ایس ایل کے لیے دستیاب ہیں، تمام ٹیمیں مضبوط ہیں، جو اچھا کھیلے گی وہ جیتے گی، چند نئے شاٹس کی پریکٹس کی ہے۔

شاہد آفریدی کی تبلیغی اجتماع میں شرکت کی تصاویر وائرل

لاہور (سپورٹس نیوز) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان اور آل راؤنڈر شاہد خان آفریدی نے تبلیغی جماعت کے اجتماع میں شرکت کی، جس کی تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئیں۔ کراچی کے علاقے اورنگی ٹاؤن میں ہونے والے تبلیغی اجتماع میں ہزاروں افراد سمیت کئی نامور شخصیات نے بھی شرکت کی۔ گورنر سندھ کامران ٹیسوری اور ایم کیو ایم پاکستان کے کنوینر ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے بھی اختتامی دعا میں شرکت کی۔ سوشل میڈیا پر شاہد آفریدی کی تبلیغی اجتماع میں شرکت کی تصاویر سامنے آئی ہیں۔ جن میں وہ چائے پیتے اور آرام کرتے نظر آرہے ہیں۔ پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان اور آل راؤنڈر شاہد خان آفریدی نے تبلیغی جماعت کے اجتماع میں شرکت کی، جس کی تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئیں۔

پاکستانی اور بھارتی ویمن کرکٹرز کی میچ کے بعد گپ شپ

لاہور (سپورٹس نیوز) پاکستانی اور بھارتی خواتین کرکٹرز نے ایک دوسرے کو گلے لگالیا، جنوبی افریقا میں جاری آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی ویمنز ورلڈکپ میں میچ کے بعد دونوں ٹیموں کی کھلاڑیوں نے گپ شپ کی اور ایک دوسرے کے کھیل کو سراہا۔ پاکستان ٹیم کی نائب کپتان ندا ڈار نے اپنی شرٹ بھارتی کپتان ہرمنپریت کور کو پیش کی جبکہ بھارتی کپتان ہرمنپریت کور نے بھی اپنی شرٹ ندا ڈار کو دے کر جذبہ سگالی کا اظہار کیا۔

پی ایس ایل 8 کی سکیورٹی کیلئے فوج اور رینجرز تعیناتی کی منظوری

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) وفاقی کابینہ نے پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کی سکیورٹی کیلئے فوج اور رینجرز کی تعیناتی کی منظوری دیدی۔ تفصیلات کے مطابق فوج اور رینجرز تعیناتی کی منظوری وزارت داخلہ کی سمری کی سرکولیشن کے ذریعے وفاقی کابینہ سے لی گئی۔

وفاقی کابینہ نے پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کی سکیورٹی کیلئے فوج اور رینجرز کی تعیناتی کی منظوری دیدی۔ تفصیلات کے مطابق فوج اور رینجرز تعیناتی کی منظوری وزارت داخلہ کی سمری کی سرکولیشن کے ذریعے وفاقی کابینہ سے لی گئی۔

وفاقی کابینہ نے پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کی سکیورٹی کیلئے فوج اور رینجرز کی تعیناتی کی منظوری دیدی۔ تفصیلات کے مطابق فوج اور رینجرز تعیناتی کی منظوری وزارت داخلہ کی سمری کی سرکولیشن کے ذریعے وفاقی کابینہ سے لی گئی۔

وفاقی کابینہ نے پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کی سکیورٹی کیلئے فوج اور رینجرز کی تعیناتی کی منظوری دیدی۔ تفصیلات کے مطابق فوج اور رینجرز تعیناتی کی منظوری وزارت داخلہ کی سمری کی سرکولیشن کے ذریعے وفاقی کابینہ سے لی گئی۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 14فروری2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس/ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 14، فروری 2023، صبح 09:00 بجے تا دن 02:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل میلوڈی، شکر پڑیاں، ستارہ مارکیٹ، پنڈوریاں، کورال، جھٹہ بختاور، علی پور، E - 8 نیوی، جی نائن مرکز، I - 8 / 3، اولڈ یونائیٹڈ، G - 11 / 2، کیپٹل ریذیڈنشیا، شاہ پور، P H E D، دھیلہ، پتریاٹہ، اپر ٹوپہ، شاہدرہ، بھارہ کہو، بھارہ کہو-II، این آئی ایچ، ٹی اینڈ ٹی، گالف سٹی، تریٹھ فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل کلیال، بینک روڈ-1، سر سید روڈ، مکہ چوک، N P F - II، ماڈل ٹاؤن، M S F، ہمایوں، گلستان فاطمہ، قائد اعظم کالونی، کینٹ، سہالہ کالج، ساگری، ڈی ایچ ہومز، ریڈکو، نڑ، خواجہ، فضل احمد، نیو چواہ، پنجر، مندرہ-II، PAECHS، بنگالی، رمن، بی بی خان-II فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل سید پور روڈ، ٹی اینڈ ٹی، صادق آباد، شکریال، بھنہ روڈ، طارق شہید، اصغر مال، ڈھوک حکمداد، کمیٹی چوک، صرافہ بازار، جناح روڈ، ویسٹریج، احسن آباد، میجر مسعود، عزیز آباد، ڈھوک چوہدریاں، این آر سی، چیرنگ کراس، ریڈیو پاک، بجلیال، I-16/1، رتہ، راجہ آباد، گولڑہ، شمس کالونی، قائد اعظم انٹرنیشنل ہسپتال، زرکون ہائٹس، ماڈرن فلور ملز، ڈی بی ہسپتال، راجہ سلطان، عیدگاہ، باغ سرداراں، محمدی چوک، خیابان سرسید، ڈھوک نجو فیڈرز، اٹک سرکل، نواب آباد، نوازش شہید، نثار شہید، میوزیم D-18 ECHS، ماڈل ٹاؤن، کاشف گل شہید، نکس انڈسٹریل، حسن ابدال، اسلام پورہ، حمید، سرکہ، شادی خان، قاضی آباد، تین میلہ، باغ نیلب، نڑ ٹوپہ، بولیانوال، کھڑپہ، چھاجی مار، مورت، چھب، کمریال، احمدال، سگن، بوہی گھر، سالار گاہ، ہرو، غوری، کامرہ رورل، مانسر، کوندل فیڈرز، جہلم سرکل، F - 7 کچہری، F - 13 گرمالہ، شکریلہ، سرائے عالمگیر، اکرم شہید، F-2 چپ بورڈ، F-10 کالابیں، بورین، انڈسٹریل، سٹی ہاؤسنگ، دینہ تھری روہتاس، چمالہ، گداری، پیڈیال، نیو سنگھوئی، کرنل محمد اکرم، صندل، کوٹ دھمیک، مل اعوان، کنٹریلہ، سموٹ فیڈرز، چکوال سرکل، بھون، آرابازار، میگن، میانی، سرپاک، جنڈ اعوان، ڈھڈیال سٹی، ملہال مغلاں، بھیکری، بہوال، ڈنڈوت، دریائے جالپ، راول، للہ ٹاؤن، کے ایس مانیز، عبداللہ پور، جلال پور، ساگر پور، بلکسر، دھرنال، سکھو، دھرابی، جاتلہ، پیرافتیال، طاؤ محرم خان، بڈھیال، چتوالی، سی ڈبلیو او، کوٹ گلہ، کوٹ شیرا فیڈرز، جی ایس او سرکل، نیو چواہ، بابا شہید، چھپر، فضل شہید فیڈرز، صبح 09:00 بجے تا شام 04:00 بجے تک، تین میلہ، فوارہ چوک، ایس ڈی ڈبلیو، اٹک رورل، ایس ڈی ڈبلیو کالونی، جی بی ایچ پی-II، شکردرہ، امین آباد، جی بی ایچ پی-I، ڈی ای سی، باغ نیلب، پیپلز کالونی، ماری فیڈرز، دن 12:00 بجے تا شام 04:00 بجے تک، راول، ساگر پور فیڈرز، صبح 09:00 بجے تا دن 01:00 بجے تک، سی ڈبلیو او، میجر ریاض نیو، عبداللہ پور، دریائے جالپ فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 1

جسٹس کے ریمارکس سے متعلق رپورٹنگ غلط ہے، نیب ترمیمی کیس کے دوران چیف جسٹس نے نواز شریف کے حوالے سے کوئی ریمارکس نہیں دیے، بعض ارکان پارلیمنٹ نے چیف جسٹس کے ریمارکس پر تبصرے کیے۔ یاد رہے کہ سینیٹ اجلاس میں چیف جسٹس پاکستان عمر عطا بندیال کے کے ریمارکس کی گونج رہی، مسلم لیگ ن کے سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا کہ چیف جسٹس نے صرف ایک وزیراعظم کو ایماندار کہا جو غالباً محمد خان جونیجو ہیں، کس نے استحقاق دیا کہ لیاقت علی خان سے عمران خان تک سب کو بددیانت قرار دیں۔ عرفان صدیقی کا کہنا تھا پارلیمنٹ قانون سوچ سمجھ کر بناتی ہے، ہر روز چابک لے کر پارلیمنٹ کی پشت پر نہ ماریں، کیسے کہا پارلیمنٹ متنازع ہوگئی، عدالت دائرہ کار سے نکل کر سیاسی بیان دے گی تو ہم توہین نہیں کر رہے۔ تحریک انصاف کے سینیٹر شہزاد وسیم نے چیف جسٹس پاکستان کے ریمارکس کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ ایک بڑی جماعت کو جیسے باہر کیا گیا، پارلیمنٹ واقعی نامکمل ہے۔

بقیہ 2

سال ملک کو تباہ کرنے کے بعد کہتے ہیں میرے پاس حکومت کا اختیار نہیں تھا۔ اگر آپ کی حکومت کے فیصلے کوئی اور کرتا تھا تو ساڑھے تین سال کرسی پر کیوں براجمان رہے؟ اگر بے اختیار وزیراعظم تھے تو اقتدار کیوں نہیں چھوڑا؟۔ ان خیالات کا اظہار شیری رحمان نے سوموار کے روز ٹوئٹر پر جاری اپنے بیان میں کیا۔ شیری رحمان کا کہنا تھا کہ اگر سابق آرمی چیف سوپر کنگ تھے تو ان کو تاحیات آرمی چیف رہنے کی پیشکش کیوں کی؟ مخالفین کو جیلوں میں ڈال کر آپ احتساب کا کریڈٹ لیتے رہے، ابھی آپ کہتے ہیں احتساب کے ادارے بھی سابق آرمی چیف کے کنٹرول میں تھے۔ کیا آپ بھول گئے ہیں آپ جلسوں میں مخالفین کی گرفتاری کا اعلان کرتے تھے؟ اب آپ دراصل اپنی "بے اختیاری" کا نہیں نااہلی کا رونا رو رہے ہیں۔ آپ اتنے نااہل ہیں کہ اب خود تسلیم کر رہے ہیں کٹھ پتلی اور سلیکٹڈ وزیراعظم تھا۔ موجودہ حالات کا ذمہ دار کوئی اور نہیں آپ خود ہیں۔ آپ کی فسطائی اور بدترین حکومت آئینی طریقہ کار سے ہٹائی گئی کسی سازش کے ذریعے نہیں۔

بقیہ 3

ڈالر پر ہیں، صنعتیں بند ہوچکی، عوام آٹے کیلئے جانیں دے رہے ہیں، مہنگائی کے باعث لوگ خودکشیاں کر رہے ہیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ آج قوم میں مایوسی پھیل رہی ہے، پاکستان کے ساتھ اس ظلم عظیم کرنے والوں کو قوم معاف نہیں کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ تیرہ جماعتی اتحاد بظاہر مسیحا بن کر آیا لیکن حقیقت میں اژدھا ثابت ہوا جو آہستہ آہستہ ملک و قوم کو نگل رہا ہے، جیسا مرضی لبادہ اوڑھ لیں رجیم چینج آپریشن کے کردار عوام کے ذہنوں پر نقش ہوچکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شوکت ترین کی گرفتاری اس لئے ضروری ہے کیونکہ انہوں نے معیشت کو تنزلی سے نکالنے میں کردار ادا کیا، امپورٹڈ ٹولے نے قومی خزانہ خالی کرنے کے بعد منی بجٹ کے ذریعے عوام کی جیبوں پر نظریں گاڑھ لی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جابر حکمرانوں کے مظالم کے باوجود عمران خان کی مقبولیت ہر دن بڑھتی جارہی ہے، پنجاب میں الیکشن کا بگل بج چکا ہے، عوام الیکشن کے ذریعے امپورٹڈ ٹولے سے بدلہ لینے کیلئے بیتاب ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف اب کبھی واپس نہیں آئیں گے، مریم نواز کو صرف کارکنوں کو "لارے" دینے کیلئے بھیجا گیا ہے

بقیہ 4

پولیس چالان پیش نہ کرسکی، چالان پیش کریں تاکہ ہمیں بھی پتہ لگے کہ ہم نے غداری کیا کی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ پاکستان میں کچھ نا سمجھ لوگ ہیں جنہیں تاریخ کا نہیں پتہ، ہمارے اوورسیز پاکستانی ان سے کیوں نفرت کرتے ہیں؟ پی ٹی آئی رہنما کا کہنا ہے کہ اس حکومت نے گرین پاسپورٹ کی عزت ختم کردی ہے، الیکشن کے لیے یہ لوگ تیار نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت والے سابق وزیراعظم و چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کو روکنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ سابق وفاقی وزیر نے مزید کہا کہ الیکشن کمیشن کے اوپر ہم لوگ اربوں روپے خرچ کرتے ہیں، الیکشن کمیشن میں ہائی کورٹ کے فیصلے پر عمل درآمد نہیں ہو رہا۔ فواد چوہدری کا یہ بھی کہنا ہے کہ اگر الیکشن کمیشن وقت پر الیکشن نہیں کرائے گا تو آئین کی خلاف ورزی کرے گا، ہم جیل بھرو تحریک کے لیے تیار ہیں

بقیہ 5

قوم کو مایوس کررہی ہے، ان کی سیاست جھوٹ پر مبنی ہے جو آئے روز بے نقاب ہورہی ہے۔ دوسری جانب تحریک انصاف کے رہنما فواد چوہدری نے اتحادی حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ، پاکستان کو شہباز شریف اور بلاول بھٹو کی وجہ سے شرمندگی کا سامنا ہے، عمران خان کو روکنے کے لیے یہ ہم پر مسلط کردیے گئے۔ حکمرانوں نے مخالفین پر غداری کے مقدمات بنائے ہیں، حکمران پاکستان میں نہیں ملیں گے کیونکہ وہ ہر وقت بیرون ممالک کے دوروں پر رہتے ہیں

بقیہ 6

پیش کیں۔ ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے سائلین کی درخواستوں پر موقع پر احکامات جاری کئے۔ صوبائی سیکرٹری صحت ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے کہا کہ محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں کھلی کچہری کے ذریعے سائلین کی درخواستوں پر روزانہ کی بنیاد پر ترجیحی بنیادوں پر شنوائی کی جارہی ہے۔ سائلین کے مسائل کے حل کیلئے میرا دفتر ہر وقت حاضر ہے۔ ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے کہا کہ محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں سائلین کی درخواستوں پر پراسیس کو تیز کردیا گیا ہے۔ سائلین کی درخواستوں پر فوری فیصلے کئے جارہے ہیں۔ صوبائی سیکرٹری صحت ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے کہا کہ کسی سائل کی درخواست پر تاخیری حربے برداشت نہیں کریں گے۔ سائلین کی درخواستوں پر سوفیصد میرٹ کو یقینی بنایا جائے گا۔ درخواستوں پر فوری عملدرآمد سائلین کا بنیادی حق ہے۔ سائلین کو لمبی قطاروں میں کھڑا رکھنے کی بجائے روزانہ کھلی کچہری کے ذریعے درخواستوں پر ترجیحی بنیادوں پر شنوائی کو ترجیح دی جارہی ہے۔ ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے کہا کہ سائلین کو محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں کسی مشکل کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔ محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں سائلین کی درخواستوں کو روزانہ کی بنیاد پر نمٹایا جارہا ہے۔ صوبائی سیکرٹری صحت نے محکمہ میں تمام افسران کو سائلین کی درخواستوں پر فوری عملدرآمد کرنے کی ہدایت کی۔

بقیہ 7

کرتے ہوئے کہا کہ عدالتی فیصلے کے بعد الیکشن کی تاریخ میں تاخیر کا کوئی جواز نہیں، عدلیہ آئین کی بالادستی کے ساتھ کھڑی ہے، کسی کو آئین پامال کرنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ چوہدری پرویز الٰہی نے کہا کہ الیکشن کمیشن اپنی ذمہ داری پوری کرتے ہوئے فوری الیکشن شیڈول جاری کرے، گورنر اور الیکشن کمیشن تاریخ کے معاملے پر فٹ بال کھیلنا بند کریں، قوم سب دیکھ رہی ہے کہ پی ڈی ایم الیکشن سے کس طرح خوفزدہ ہے۔ سابق وزیر دفاع پرویز خٹک نے کہا کہ عمران خان کی مقبولیت نے حکمرانوں کی نیندیں حرام کردی ہیں، انتخاب کا شیڈول دینا الیکشن کمیشن اور گورنرز کی آئینی ذمہ داری ہے۔ پرویز خٹک نے کہا عدالتی فیصلہ آچکا ہے اب انتخاب سے بھاگنے کی کوئی کوشش کامیاب نہیں ہوگی، انتقامی کارروائیاں اور مقدمات تحریک انصاف کا راستہ نہیں روک سکتے

بقیہ 8

اورنگزیب نے مزید کہا کہ عمران صاحب کو یقین ہے کہ ان کے حامی ذہنی معذور ہیں، ان کا اقتدار میں آنا ہی رول آف لا کی خلاف ورزی تھا، عمران خان کا دور حکومت رول آف لا نہیں، رول آف جنگل تھا۔ انہوں نے کہا آپ جیسے فارن ایجنٹ، چور، جھوٹے، بہروپے اور منی لانڈرر سے آزادی حاصل کرکے ملک آزاد ہوتے ہیں، عمران صاحب ایسی باتیں کرکے اپنے ووٹرز کی توہین کرتے ہیں، کیا تم نے رول آف لا کا سہارا لے کر سپیکر، ڈپٹی سپیکر، گورنر اور صدر سے آئین شکنی کرائی تھی؟۔

بقیہ 9

افسران نے استقبال کیا، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی نے یادگار شہداء پر حاضری دی، پھول چڑھائے اور شہداء کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی، راولپنڈی پولیس کے چاق و چوبند دستے نے سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کو سلامی پیش کی، سی پی او نے شہداء گیلری کا دورہ کیا اور تاثرات قلمبند کیے، شہریوں کی جان و مال کی حفاظت اور جرائم کی بیخ کنی اولین ترجیح ہوگی، آئی جی پنجاب کے ویژن کے مطابق راولپنڈی پولیس کی کارکردگی اور سروس ڈیلیوری کو مزید بہتر بنایا جائے گا، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی۔ تفصیلات کے مطابق سٹی پولیس آفیسر راولپنڈی سید خالد محمود ہمدانی نے عہدے کا چارج سنبھال لیا، ایس ایس پی انویسٹی گیشن زنیرہ اظفر، ایس پی ہیڈ کوارٹرز ماہم خان، ایس پی پوٹھوہار محمد وقاص خان، ایس ڈی پی اوز اور دیگر افسران نے استقبال کیا، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی نے یادگار شہداء پر حاضری دی، پھول چڑھائے اور شہداء کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی، راولپنڈی پولیس کے چاق و چوبند دستے نے سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کو سلامی پیش کی، سی پی او نے شہداء گیلری کا دورہ کیا اور تاثرات قلمبند کیے، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی نے کہا کہ شہداء کی قربانیاں لازوال ہیں، جنہیں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، شہریوں کی جان و مال کی حفاظت اور جرائم کی بیخ کنی اولین ترجیح ہوگی، شہریوں کی سہولت کے لیے سروس ڈیلیوری کو مزید بہتر بنائیں گے، شہریوں کی شکایات کا بروقت ازالہ میری اولین ترجیحات میں شامل ہیں، آئی جی پنجاب کے ویژن کے مطابق راولپنڈی پولیس کی کارکردگی اور سروس ڈیلیوری کو مزید بہتر بنایا جائے گا۔

بقیہ 10

ڈرائیور ٹریکٹر ٹرالی جائے حادثہ پر چھوڑ کر فرار ہوگیا ریسکیو 1122 اہلکاروں نے ڈیڈ باڈی کو تحویل میں لے کر ہسپتال منتقل کردیا پولیس مصروف تفتیش ہے

بقیہ 11

میں پھنسے ہم وطنوں کو بچانے میں پاک فضائیہ کی مجموعی کوششوں کو سراہا۔ این ڈی ایم اے اور وزارت خارجہ کی معاونت سے پاک فضائیہ کے زلزلہ متاثرین کی امداد کے لیے اس نوعیت کے دیگر آپریشنز جاری ہیں

بقیہ 12

پارلیمانی بورڈ کے اجلاس میں اسد عمر، پرویز خٹک، عثمان بزدار، عون عباس، ڈاکٹر اختر ملک، عباس شاہ، حامد ڈوگر سمیت دیگر رہنماؤں نے شرکت کی، اس موقع پر ٹکٹوں کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ صوبائی اسمبلی کے ٹکٹس فائنل کرنے کے حوالے سے مشاورت بھی کی گئی، اس موقع پر عمران خان نے کہا کہ ملک کے مسائل کا حل صاف و شفاف انتخابات میں ہے، پارٹی کے ساتھ مشکل وقت میں کھڑے ہونے والے وفادار کارکنوں کو آگے لایا جائے گا۔

بقیہ 13

الیکشن لڑا تو ن لیگ کے ٹکٹ پر لڑوں گا۔ ن لیگ کا ٹکٹ نہ ملا تو پھر میں الیکشن ہی نہیں لڑوں گا۔ جماعت کے پرانے ترین لوگوں میں سے ہوں، بہت سے مراحل آئے لیکن میں جماعت کے ساتھ ہی رہا۔ اس جماعت سے اپنے گھر ہی جاسکتے ہیں، کوئی اور ہمارا گھر نہیں۔ انہوں نے کہا کہ مریم نواز میری لیڈر نہیں اور نہ ہی مریم نواز کا دعویٰ ہے کہ وہ پارٹی لیڈر ہیں۔ اگر مریم نواز کل پارٹی صدارت کی پوزیشن پر آتی ہیں تو پھر میرا فیصلہ ہوگا کہ میں جماعت میں آگے چل سکتا ہوں یا نہیں چل سکتا اور سیاست کرنی ہے یا نہیں کرنی۔ خیال رہے کہ گزشتہ کئی روز سے اس قسم کی افواہیں گردش ہیں کہ مختلف سیاسی جماعتوں سے تعلق رکھنے والے ہم خیال سیاستدان اپنی علیحدہ پارٹی بنانے جارہے ہیں۔ اس سے قبل لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ احتساب کا سرکس جاری ہے لیکن اس وقت نیب کے احتساب کی ضرورت ہے، فواد حسن فواد کے خلاف بھی جھوٹا مقدمہ بنایا گیا، جسٹس ریٹائرڈ جاوید اقبال کو حساب دینا پڑے گا۔ انہوں نے کہا کہ جب تک نیب کو ختم نہیں کریں گے حکومت نہیں چلے گی، جاوید اقبال رو رو کر کہتے ہیں مجھ سے حکومت کراتی تھی، نیب کو سیاستدانوں کو توڑنے کے لیے استعمال کریں گے تو قیمت عوام ادا کریں گے، جاوید اقبال یہ بتائیں ان سے کس نے مقدمات درج کروائے۔ شاہد خاقان عباسی کا کہنا تھا کہ عمران خان نے احتساب کے تین مشیر رکھے تھے لیکن کہتا تھا میں نہیں کرتا مجھے جنرل باجوہ کراتے تھے اور جنرل باجوہ کہتے ہیں مجھے پتا نہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ میں مسلم لیگ میں ہوں کہیں نہیں جارہا، میاں صاحب علاج کرا کر آئیں گے

بقیہ 14

آؤٹ ڈور اور ان ڈور میں ڈاکٹر اور پیرامیڈیکل سٹاف کی حاضری اور دستیابی کو چیک کیا۔ انہوں نے مختلف وارڈز میں جاکر مریضوں کی خیریت بھی دریافت کی۔ اس موقع پر ڈی ایچ او ڈاکٹر سہیل اصغر قاضی بھی ان کے ہمراہ تھے۔ کمشنر نے میڈیکل سٹور کا ریکارڈ بھی چیک کیا اور ہدایت کی کہ ڈویژن کے تمام ہسپتالوں میں دیگر ضروری ادویات کے ساتھ کتے کے کاٹنے کی ویکسین کو بھی یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے ہسپتال میں صفائی امور کو مزید بہتر بنانے اور ڈاکٹروں کو خدمت خلق کے جذبہ سے کام کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ کمشنر نے کوٹ مومن کے اندرون بازاروں کا بھی دورہ کیا اور میونسپل کمیٹی کو صفائی ستھرائی کو بہتر بنانے اور تجاوزات کے خاتمے کو یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی

بقیہ 15

ہوا۔ مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر رانا مقبول احمد نے مجموعہ ضابطہ دیوانی ترمیمی بل پیش کیا چیئرمین سینیٹ نے بل متعلقہ قائمہ کمیٹی کے سپرد کردیا۔ سینیٹر روبینہ خالد نے لیگل پریکٹشنر اینڈ بار کونسلز ترمیمی بل 2023 ایوان میں پیش کیا، چیئرمین سینیٹ نے یہ بل بھی متعلقہ قائمہ کمیٹی کے سپرد کردیا۔

بقیہ 16

چیف ایگزیکٹو آئیسکو ڈاکٹر محمد امجد خان نے تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ آئیسکو ریجن میں گھروں کے نزدیک یا اوپر سے گزرنے والی بجلی کی تاروں کو محفوظ مقامات پر ترجیح بنیادوں پر منتقل کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ فیلڈ فارمیشنز اور صارفین کی جانب سے ابھی تک 9921 مقامات کی نشاندہی کی گئی جس پر بروقت کاروائی کرتے ہوئے 8649 پوائنٹس کو محفوظ بنایا جا چکا ہے اور کسٹمر فرینڈلی کمپنی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ان ورکس پر آنے والے 1ارب 53 کروڑ 25 لاکھ سے زائد کے اخراجات آئیسکو نے خود برداشت کیے۔ آئیسکو انتظامیہ معزز صارفین سے درخواست کرتی ہے کہ وہ خود کو اور اپنے پیاروں کو بجلی حادثات سے محفوظ رکھتے ہوئے بجلی تنصیبات کے نیچے یا قریب تعمیرات سے گریز کریں کیوں کہ یہ ایک جانی لیوا فعل کے ساتھ ساتھ غیرقانونی عمل بھی ہے اور ایسے صارفین کے خلاف متعلقہ تھانوں میں ایف آئی آر کا اندراج بھی کروایا جارہا ہے۔ مزید معلومات کے لئے صارفین متعلقہ کمپلینٹ آفس کے نمبرز، آئیسکو ہیلپ لائن نمبر 118 یا چیف ایگزیکٹو کمپلینٹ اینڈ مانیٹرنگ سیل آئیسکو ہیڈ آفس کے نمبر 051-9252933-34 پر کال کرسکتے ہیں۔ احتیاط برت کے جانی اور مالی حادثات سے محفوظ رہا جا سکتا ہے

بقیہ 17

کے خلاف کی جانے والی چھوٹی موٹی کارروائیوں کو اہلیان علاقہ نے نمبر گیم کا حصہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ 2، 4 سو گرام کی ڈمی کارروائیاں کرکے افسران سب اچھا کی رپورٹس پیش کرنے کی خاطر مقدمات کا اندراج کرتے ہیں شہر میں کسی بھی قسم کی بڑی کارروائی عمل میں نہ لانا سمجھ سے بالاتر ہے جس کی وجہ سے شہر کی وارڈوں میں خرید و فروخت عروج پر پہنچ چکی ہے خالی پلاٹس نشیئوں کی محفوظ پناہ گاہیں بن چکی ہیں جہاں نشئی پینے پلانے اور خرید و فروخت میں مصروف ہوتے ہیں ان نشئیوں کی وجہ سے ہی محلوں میں چوریاں ہوتی ہیں عوام علاقہ کا میڈیا کے توسط سے پولیس کے اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے مطالبہ کیا ہے عوامی سماجی حلقوں کے مطابق گوجرخان پولیس مبینہ طور پر ان علاقوں سے مال پانی لیکر چشم پوشی کر رہی ہے اس وقت وارڈ نمبر 7 اور قبرستان بابا شیخ طالب بادشاہ کی گلیاں اور کھلے پلاٹ جہاں گندگی کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں منشیات فروشوں اور خریداروں کا مرکز بن چکے ہیں دن رات یہاں چرسیوں اور پوڈریوں کی ریل پیل لگی رہتی ہے جبکہ عوام علاقہ نے ان نشیئوں کی وجہ سے چوری کے متعدد واقعات کی نشاندہی بھی کی ہے مگر کوئی عملدرآمد نہ ہوا پوڈری اور چرسیوں کی بھرمار کی وجہ سے علاقہ میں چوری کی وارداتوں میں اضافہ ہو چکا ہے عوام علاقہ کا کہنا ہے کہ پولیس کا ان منشیات فروشوں اور خریداروں کے خلاف کاروائی نہ کرنا پولیس کی کارکردگی پر ایک سوالیہ نشان ہے۔

بقیہ 18

کے پانچ ارکان کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے نقدی، موٹر سائیکل، اسلحہ اور موبائل فونز برآمد کر لئے۔ پولیس ترجمان کے مطابق ملزمان مظفر وال، نارووال سمیت دیگر اضلاع میں 17 سے زیادہ وارداتوں کا اعتراف کیا ہے۔ ملزمان میں لیئق، بزل جاوید، اختر، محمد ارشاد اور محمد زاہد شامل ہیں۔

بقیہ 19

آرٹس کے صدر کے طور پر انہوں نے نئے آنے والے فنکاروں کی تربیت میں اپنا شاندار کردار ادا کیا، ان کی آواز ہمارے ذہن میں گونجتی رہے گی، ان کی صلاحیتوں اور ان کی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل دے۔

بقیہ 20

اعظم خان جوائنٹ سیکرٹری، تنویر مکین جوائنٹ سیکرٹری، ثوبیہ مشرف جوائنٹ سیکرٹری) خاتون نشست (آسیہ زمان ملک فنانس سیکرٹری جبکہ مجلس عاملہ کی 20 نشستوں پر چودھری جزاک اللہ، شوکت بھٹی، شمس نیازی، شبیر حسین، طیب دھریجہ، راؤ احسان، ندیم سیال، شاہد محب، ایم یعقوب علوی، عباس ملک، امتیاز چانڈیو، تنویر حسین، خالد سبطین، سید زبیر عباس بخاری، سلطان محمود شاہین، فیضان حیدر، محمد وقاص، فضل قریشی، عبدالجبار انصاری اور صفیہ پروین بلا مقابلہ منتخب ہو گئے ہیں۔ چیئرمین الیکشن کمیٹی سہیل انجم ملک کی طرف سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق سرائیکی جرنلسٹس فورم کے سپریم ایڈوائزری بورڈ کے 15 ارکان میں 1 مخدوم ارشد حسین، 2 سید افتخار شیرازی، 3 خضر کلاسرا، 4 علی رضا علوی، 5 زاہد جھنگوی، 6 اظہار خان نیازی، 7 میاں اختر حسین، 8 قاضی شاکر، 9 رانا ابرار خالد، 10 قصور روحانی، 11 سہیل اقبال بھٹی، 12 قاضی بلال، 13 عامر جلیل بوبرا، 14 اظہر جتوئی اور 15 نوابزادہ شاہ علی شامل ہیں نئی منتخب کابینہ کی مدت 2 سال جبکہ سپریم ایڈوائزری بورڈ کے ارکان کی مدت 3 سال ہوگی۔

بقیہ 21

سے عدالت میں مؤقف اختیار کیا گیا کہ عمران خان کی عدم پیشی پر ضمانتی مچلکے منسوخ کیے جائیں۔ عدالت نے ریمارکس دیے کہ عمران خان کے وکیل پیش ہوں گے تو اس کے بعد دیکھیں گے۔ عدالت نے سماعت میں وقفہ کردیا۔ وقفے کے بعد سماعت کا دوبارہ آغاز ہوا، جس میں عمران خان کی جانب سے وکیل نے طبی بنیادوں پر حاضری سے استثنا کی درخواست دائر کردی۔ وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ عمران خان کی صحت اجازت نہیں دے رہی کہ اسلام آباد آئیں۔ ڈاکٹرز نے آرام کا مشورہ دیا ہے۔ پراسیکیوٹر راجا رضوان عباسی نے عمران خان کی حاضری سے استثنا کی درخواست پر اعتراض اٹھادیا۔ انہوں نے عدالت کو بتایا کہ اپنے ہی اسپتال کی میڈیکل رپورٹ لگا کر عمران خان پیش نہیں ہو رہے۔ شوکت خانم اسپتال تو کینسر اسپتال ہے، عمران خان کا مسئلہ الگ ہے۔ عمران خان پر فریکچر کے باعث سوزش ہے۔ کیا عمران خان کو عدالت پیدل چلنے آنے کا کہا گیا؟۔ پراسیکیوٹر نے کہا کہ عمران خان کچہری کے باہر آئیں، ان کی حاضری لگائی جاسکتی ہے۔ عمران خان کے ضمانتی مچلکے منسوخ کیے جائیں اور وارنٹ گرفتاری جاری کیے جائیں۔ پراسیکیوٹر نے عمران خان کی آج حاضری سے استثنا کی درخواست کی بھی مخالفت کردی۔ وکلا کو سننے کے بعد عدالت نے عمران خان کی آج حاضری سے استثنا کی درخواست اور پراسیکیوٹر کی جانب سے ان کے وارنٹ گرفتاری جاری کرنے کی استدعا پر فیصلہ محفوظ کرلیا۔ بعدازاں ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن عدالت کے سینئر سول جج رانا مجاہد رحیم نے عمران خان کی جانب سے خاتون جج کو دھمکی دینے سے متعلق کیس میں عمران خان کی درخواست پر فیصلہ سنادیا، جس کے مطابق عمران خان کی آج حاضری سے استثنا کی درخواست منظور کر لی گئی جب کہ عدالت نے پراسیکیوٹر کی جانب سے عمران خان کے وارنٹ گرفتاری جاری کرنے کی استدعا مسترد کردی۔ عدالت نے کیس کی آئندہ سماعت 9 مارچ تک ملتوی کردی

بقیہ 22

سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ تمام مارکیٹس میں عوام کو ترجیح بنیادوں پر آٹا فراہم کیا جا رہا ہے، لاہور، قصور، شیخوپورہ، سمت دیگر چھوٹے بڑے شہروں کی مین شاہراہوں چوکوں چوراہوں پر شہریوں کو آٹا کی فراہمی کیلئے ٹرکنگ پوائنٹس قائم کیے گئے ہیں، جہاں سے عوام باآسانی آٹا خرید سکتی ہے فلور ملز ایسوسی ایشن کے چند لوگوں نے ہڑتال کی ہے ستر فیصد فلور ملز مالکان نے سرکاری گندم کا کوٹا لیا ہے، فلور ملز ایسوسی ایشن شہر میں آٹے کا بحران پیدا کرنے کیلئے اوچھے ہتھکنڈے استعمال کر رہی ہے، فلور ملز ایسوسی ایشن کی تمام سازشیں ناکام ہوگئی، سیکرٹری فوڈ محکمہ خوراک پنجاب محمد زمان وٹو نے کہا کہ غریب عوام کو آٹا کی فراہمی میری اولین ترجیحات میں شامل ہے، جسے محکمہ فوڈ کی ٹیمیں ہر صورت ممکن بنا رہے ہیں۔ لاہور شہر میں آٹا کی مصنوعی قلت کی خبریں جھوٹ پر مبنی ہیں۔

بقیہ 23

آرٹیکل 224 کے مطابق نگران حکومتیں 90 دن میں اسمبلیوں کے تحلیل کے بعد انتخابات کی پابند ہیں۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان اور عدلیہ کے پاس آئین سے ماورا اقدامات کا کوئی اختیار نہیں۔ سیاسی جمہوری پارلیمانی استحکام کے لیے ضروری ہے کہ سیاسی جمہوری قیادت انا ضد ہٹ دھرمی اور ہوس اقتدار ترک کریں اور قومی و صوبائی اسمبلیوں کے ایک دن انتخابات کے انعقاد پر اتفاق کریں۔ پاکستان اقتصادی، سیاسی، پارلیمانی اور آئینی بحران سے دوچار ہے۔ غیر ذمہ دار سیاسی قیادت نے بے اعتمادی عدم برداشت اور بے یقینی پیدا کرکے ہر چیز کو تلپٹ کر دیا ہے۔ ملک اور عوام کے جمہوریت انتخابات کے حقوق خطرات میں ہیں۔ جماعت اسلامی آئین کی حفاظت کرے گی۔ عوام توقع رکھتے ہیں کہ اعلیٰ عدلیہ آئین کی حفاظت کے لیے نیا تاریخی کردار ادا کرے۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان مفاد پرست آئین انتخابات دشمن جتھوں کے سامنے سرنڈر نہ کرے۔ جماعت اسلامی 27 فروری سے پورے ملک میں انتخابی مہم کا آغاز کرے گی۔ لیاقت بلوچ نے طالبات اور اساتذہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ طالبات قوم کی قابل فخر بیٹیاں ہیں، طالبات ہر میدان میں اپنی خداداد صلاحیتیں تسلیم کروا رہی ہیں، سازشوں اور آزمائش کے دور میں خواتین اور طالبات کو اسلامی اور قومی کردار ادا کرنا ہے۔ دختران اسلام کے لیے خدیجہؓ، فاطمہؓ، عائشہؓ اور فاطمہ جناح، زینب الغزالی رول ماڈل ہیں۔ دینی اور عصری تعلیم کے ادارے بڑی قوم خدمات انجام دے رہے ہیں۔ اشتراکیت اور مغربی تہذیب اپنے استحصالی سرمایہ دارانہ نظام کے ساتھ ناکام اور زوال پذیر ہے۔ مستقبل کا نظام اسلام ہے، قرآن و سنت کا نظام ہی انسانوں کے لیے فلاح، وحدت، عزت کا نظام ہے۔ 75 سال سے حکمران طبقہ نے خواتین کا استحصال کیا ہے۔ جماعت اسلامی خواتین کو تعلیم، روزگار، تحفظ اور وراثت کا حق دے گی۔ ملک بھر کی خواتین نئی نسل اپنی اولادوں کی حفاظت کے لئے جماعت اسلامی کا ساتھ دیں۔ لیاقت بلوچ نے وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کراچی میں جماعت اسلامی کے مینڈیٹ پر شب خون نہیں مارنے دیا جائے گا۔ گوادر کے عوام کی قیادت مولانا ہدایت الرحمٰن کر رہے ہیں ناجائز مقدمات اور ریاستی جبر عوامی راستہ نہیں روک سکتا۔

بقیہ 24

دی۔ دوران سماعت جسٹس مزمل اختر شبیر نے کہا کہ جسٹس جواد حسن کے پاس اسی نوعیت کی ایک اور درخواست بھی زیر سماعت ہے۔ درخواست گزار کے وکیل نے درخواست آج منگل کے لئے مقرر کرنے کی استدعا کی جس پر جسٹس مزمل اختر شبیر نے استدعا منظور کرتے ہوئے درخواست آج منگل کے روز سماعت کے لئے مقرر کرنے کی ہدایت کردی درخواست میں موقف اپنایا گیا ہے کہ وفاقی حکومت نے سیاسی بنیادوں پر نام ای سی ایل میں ڈال رکھا ہے، استدعا ہے عدالت ای سی ایل سے نام نکالنے کا حکم دے

بقیہ 25

بحق نہیں ہوا جبکہ 12 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔

بقیہ 26

جبکہ ایک دکان کو سیل کردیا۔ ناجائز منافع خوری کے علاوہ ساڑھے 10 کلوگرام سے زیادہ پولی تھین بیگز میں قبضے میں لئے۔ غیر قانونی پٹرول ایجنسیوں اور ایل پی جی فلنگ سٹیشنز کے خلاف کارروائیوں میں ایک پٹرول ایجنسی اور ایک ایل پی جی فلنگ سٹیشن کو سیل کر کے 3 افراد کو گرفتار کر کے تھانے منتقل کردیا گیا۔ واضح رہے کہ روزانہ کی بنیاد پر ناجائز منافع خوری، غیر قانونی پٹرول ایجنسیوں، ایل پی جی فلنگ سٹیشنز اور پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف آپریشن جاری ہے۔

بقیہ 27

نے کہا کہ قوم پنجاب پولیس کے شہید افسروں، اہلکاروں کی عظیم قربانی کو سلام پیش کرتی ہے۔

بقیہ 28

۔ عدالت میں موسیٰ الٰہی کے وکیل نے کہا کہ مقدمہ سیاسی بنیاد پر بنایا گیا، پولیس نے موسیٰ الٰہی کو خود شامل تفتیش نہیں کیا۔ عدالت نے موسیٰ الٰہی کی ضمانت قبل از گرفتاری میں 23 فروری تک توسیع کردی اور حکم دیا کہ موسیٰ الٰہی آج (منگل کو) شام 4 بجے تھانہ گرانی میں شامل تفتیش ہوں۔ موسیٰ الٰہی کے وکیل نے عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ موسیٰ الٰہی کے خلاف تفتیش میں ابھی تک دہشت گردی کی دفعہ برقرار ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک کے بعد دوسرا مقدمہ درج کیا گیا، موسیٰ الٰہی اسی لئے شامل تفتیش نہیں ہو پائے، عدالت کو بتایا ہے کہ مقدمہ سیاسی بنیاد پر بنایا گیا

بقیہ 29

نہیں، سیاسی انتقام کیلئے کیس بنایا گیا، شہباز گل کے خلاف ثبوت فرد جرم عائد کرنے کیلئے ناکافی ہیں۔ عدالت نے کہا کہ شہباز گل کے خلاف وفاقی حکومت سے دی گئی کیس کی اجازت ریکارڈ پر موجود ہے، ابھی تک شہباز گل پر فرد جرم عائد نہیں کیا گیا، شہباز گل کے خلاف ابھی ثبوت اور گواہان کا بیان قلمبند نہیں ہوا، شہباز گل کے پاس ثبوتوں اور گواہان کے بیانات پر سوال اٹھانے کا مکمل اختیار ہوگا۔ فیصلے میں مزید کہا گیا کہ شہباز گل کا مقدمے سے تعلق جوڑنے کیلئے ریکارڈ پر اطمینان بخش ثبوت موجود ہیں، شہباز گل دوران سماعت اپنے دیئے گئے بیان سے کبھی انکاری نہیں ہوئے، فی الحال کیس اس سٹیج پر نہیں جہاں یو ایس بی کے اصلی یا نقلی ہونے پر رائے قائم کی جائے، شہباز گل کی جانب سے بریت کی درخواست مسترد کی جاتی ہے

بقیہ 30

مقدار میں منشیات پنجاب سمگل کرنے کی کوشش کی جائیگی۔ اطلاع کو مصدقہ جان کر تاروٹو اکبر پورہ روڈ پر ناکہ بندی کی گئی دوران ناکہ بندی گاڑیوں کی باریک بینی سے تلاشی لی جانے لگی۔ ایک رکشہ تیز رفتار کو روک کر تلاشی لی گئی۔ رکشہ کے خفیہ خانوں سے 13.8 کلوگرام چرس، 19.8 کلوگرام افیون اور 500 گرام آئس برآمد کر لی گئی۔ موقع پر موجود 2 ملزمان محمد اسماعیل ولد محمد اسلم اور شہزاد ولد محمد علی ساکن امین پارک ضلع لاہور پنجاب کو گرفتار کرلیا گیا۔ ملزمان کیخلاف مقدمہ درج کرکے مزید تفتیش کیلئے تھانہ اکبر پورہ منتقل کردیے گئے۔

بقیہ 31

ہونے پر موقع پر موجود دکاندار کی سرزنش کرتے ہوئے خریداروں کو آٹا فروخت کرنے کی تاکید اور آئندہ محتاط رہنے کی ہدایت کی

بقیہ 32

اور اشیاء خورد و نوش سستی کی جائیں۔ ذخیرہ اندوزوں اور ملاوٹ مافیا کے خلاف سخت قانون سازی کرکے انہیں کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔ وزیر، مشیر، اراکین قومی و صوبائی اسمبلی، جج، جنرل، بیوروکریسی کی تنخواہیں آدھی اور تمام مراعات بند کردی جائیں۔ وزیر، مشیر، اراکین قومی و صوبائی اسمبلی، جج، جنرل، بیوروکریسی سب کو مفت بجلی، پٹرول، گیس، بلٹ پروف گاڑیوں، ڈرائیوروں اور نوکر چاکروں کی سہولیات مفت حاصل ہیں۔ جتنی بھی زیادہ مہنگائی ہو جائے ان کو کوئی فرق نہیں پڑتا کیونکہ ان کی تنخواہیں بھی لاکھوں میں ہیں۔ مرتا ہے تو غریب مرتا ہے۔ جو روزانہ چند سو روپے کماتا ہے۔ سارا دن کبھی آٹے کی لائینوں میں، کبھی بل جمع کروانے والی لائینوں میں کبھی یوٹیلیٹی سٹور کے باہر گھی کی خریداری کے لئے لائنوں میں لگا نظر آتا ہے۔ مزدوری کرے گا یا لائنوں میں لگ کر سستا راشن خریدے گا۔ اب بس بہت ہو چکا اب ہر چیز ناقابل برداشت ہو چکی۔ ان تمام مسائل کا حل اسلامی نظام حکومت میں ہے۔ جس کے لئے صرف جماعت اسلامی کوشش کر رہی ہے۔ اس مرتبہ عوام ووٹ جماعت اسلامی کے ایماندار، باصلاحیت جذبہ خدمت خلق سے سرشار امیدواروں کو دیں۔ گارنٹی دیتا ہوں ملک ترقی کی منزلیں تیزی سے طے کرے گا۔ ہمارے پاس لاکھوں رضا کاروں کی فوج ہے جو اللہ کی رضا کے لئے حکومت میں نا ہونے کے باوجود بھی اپنے ہم وطنوں کی خدمت میں دن رات لگے ہوئے ہیں۔ یتیموں کی کفالت کر رہے ہیں، غریبوں کو راشن اور کپڑے دے رہے ہیں، غریبوں کی بیٹیوں کی شادیاں کروانے کے لئے جہیز گفٹ دے رہے ہیں، بے روزگار نوجوانوں کو بلاسود اور آسان قسطوں پر قرضے دے رہے ہیں۔ بچیوں کو مفت دستکاریاں اور ہنر سکھا رہے ہیں۔ یتیم بچوں کو مفت کتابیں اور فری تعلیم کے لئے مدد کر رہے ہیں۔ جب اقتدار میں آئیں گے تو گھر کی دہلیز پر انصاف فراہم کریں گے۔ یکساں نظام تعلیم لائیں گے۔ سودی نظام کا خاتمہ کریں گے۔ روزگار دیں گے۔ حکومت میں سادگی کو اپنائیں گے۔ وی وی آئی پی کلچر کا خاتمہ کریں گے۔ اگر عوام نے یہ موقع بھی گنوادیا تو مایوسی کے علاوہ کچھ ہاتھ نہیں آئے گا۔ ورکرز کنونشن سے محمد جاوید قصوری، ضیاء الدین انصاری اور عامر نثار خان نے بھی خطاب کیا۔

بقیہ 33

مطابق متعلقہ سٹاف کی حاضری یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ صفائی بارے شکایات ناقابل قبول ہوں گی۔ شہر کو صاف ستھرا رکھنا ہمارا عزم ہے۔

بقیہ 34

اضافہ کیا جائے گا، پنک بس سروس روٹ ٹو پاور چورنگی نارتھ کراچی سے انڈس ہاسپٹل کورنگی براستہ ناگن چورنگی، شفیق موڑ، گلشن چورنگی، جوہر موڑ، سی او ڈی، ڈرگ روڈ، شارع فیصل، شاہ فیصل کالونی، سنگر چورنگی، کورنگی نمبر 5 پر چلائی جائے گی۔ انہوں نے بتایا کہ اسی طرح روٹ نمبر 10 پر نمائش چورنگی، ایم اے جناح روڈ، زیب النساء اسٹریٹ، میٹروپول، تین تلوار، دو تلوار، عبداللہ شاہ غازی، ڈولمن مال، میکڈونلڈ اور کلاک ٹاور سی ویو تک بھی پنک بس چلائی جائے گی جبکہ پنک بس سروس کے موجودہ روٹ ون پر بسوں میں اضافہ کیا جائے گا۔ شرجیل انعام میمن نے کہا کہ پاکستان میں مہنگائی کا طوفان ہے، ملک کی معیشت پر شدید دباؤ ہے، اس صورتحال میں چیئرمین بلاول بھٹو زرداری، سابق صدر آصف علی زرداری کی ہدایات ہیں کہ ہر محکمہ میں عوام کو جتنا ریلیف دے سکتے ہیں سندھ حکومت اس پر توجہ دے گی۔ علاوہ ازیں انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی سندھ حکومت عالمی مالیاتی اداروں کے تعاون سے 23 اضلاع میں 22 لاکھ گھر تعمیر کر رہی ہے، کسانوں کو فی ایکڑ 5، 5 ہزار روپے مالی معاونت دی جارہی ہے جبکہ آبپاشی نظام اور سڑکوں کے انفراسٹرکچر کی مرمت اور بحالی کے منصوبوں پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔

بقیہ 35

اور بہترین کوالٹی کے ساتھ فراہمی یقینی بنائے جائے اس کے ساتھ انہوں نے تمام پمپس کا ریکارڈ اور سٹوریج کو بھی چیک کیا انہوں نے مزید کہا کہ ذخیرہ اندوزی اور گورنمنٹ کے نرخوں سے زیادہ ریٹس پر فروخت کرنے والے کسی بھی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں ایسے پمپس مالکان کے خلاف جرمانے کے ساتھ ساتھ سخت سے سخت قانونی کارروائی بھی عمل میں لائی جائے گی جبکہ اے سی گوجرخان نے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال گوجرخان کے وزٹ کے دوران نشو و نما سنٹر اور ہسپتال کی ایمرجنسی وارڈ، فارمیسی، کے ساتھ ساتھ ڈینگی اور دیگر وارڈز کو چیک کیا اور ہسپتال میں موجود مریضوں اور انکے لواحقین سے گورنمنٹ کی جانب سے دی جانے والی سہولیات کے بارے پوچھا ہسپتال کے دورے کے دوران چائلڈ سپیشلسٹ ڈاکٹر محمد عامر نے ان کو تمام وارڈ کا وزٹ کروایا اور صفائی وغیرہ کے انتظامات چیک کروائے اور نشو و نما سنٹر اور دیگر دی جانے والی تمام سہولیات کے متعلق بتایا اے سی گوجرخان نے عملے کی حاضری اور صفائی ستھرائی کے انتظامات کو تسلی بخش پایا اور ہسپتال کے تمام سٹاف ڈاکٹرز کو شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی کے ساتھ پیش آنے اور گورنمنٹ کی جانب سے دی جانے والی تمام سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کی ہدایات کیں اور تنبیہ کیا کسی بھی قسم کی غفلت اور لاپرواہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی کسی بھی قسم کی شکایت کی صورت میں سختی سے نمٹا جائے گا

بقیہ 36

بھٹو کی قیادت میں متحد و منظم ہے ان خیالات کا اظہار پیپلز پارٹی کے رہنما عدیل جرال یو کے نے اپنے اخباری بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ پاکستان و آزاد کشمیر میں مستقبل پیپلز پارٹی کا ہے عوام پیپلز پارٹی کے سنہری دور کو یاد کر رہے ہیں جب تعمیر و ترقی کا دور دورہ تھا آج ملک نا تجربہ کار ٹولے کے باعث دیوالیہ ہونے کے قریب ہے اس وقت ملک کو پیپلز پارٹی جیسی قیادت کی سخت ضرورت ہے۔

بقیہ 37

حلف اٹھایا۔ خواتین رہنماؤں نے کہا کہ قوم کی مائیں، بہنیں اور بیٹیاں تحریک میں پارٹی قائد کے شانہ بشانہ کھڑی ہیں۔ 25 مئی کے لانگ مارچ میں بھی خواتین نے ریاستی جبر کا ہمت سے مقابلہ کیا، ہم ہمیشہ کی طرح جیل بھرو تحریک میں صف اول کا کردار ادا کرنا چاہیں گی۔ چیئرمین تحریک انصاف نے خواتین کارکنوں کے جذبے کو سراہتے ہوئے کہا کہ پرامن سیاسی جدوجہد سے ملک کو بحرانوں سے نکالنے کی کوشش کر رہے ہیں، خواتین نے ہر سیاسی جدوجہد میں مؤثر کردار ادا کیا۔ قومی سطح پر ذہن سازی اور مکالمے میں خواتین کا کردار کلیدی حیثیت کا حامل ہے، خواتین کارکن قوم کو قانون کی بالادستی بارے بتائیں۔ یاد رہے کہ اس سے پہلے عمران خان نے کہا کہ یہ عوام سے ڈرے ہوئے ہیں اس لیے الیکشن سے بھاگ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف پر ڈیڑھ سال تفتیش ہوئی، عدالت نے ان کے خلاف فیصلہ کیا یہ ابھی تک منی ٹریل ثابت نہیں کر سکے۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے مزید کہا کہ نواز شریف کی شرائط ہیں عمران خان کو نااہل کرو اور جیل میں ڈالو۔ انکا کہنا تھا کہ مجھے الیکشن سے روکنے کی کوششیں کی جارہی ہیں، کوشش کر رہے ہیں کہ عمران خان کسی طرح اقتدار میں نہ آئے، ان کو معلوم ہے کہ اگر عمران خان آیا تو این آر او ختم ہو جائے گا، یہ مجھے نااہل قرار دینے کو لیول پلیئنگ فیلڈ قرار دے رہے ہیں۔ عمران خان نے کہا کہ سابق آرمی چیف نے جو باتیں کیں اس پر حیران ہوں، سابق آرمی چیف نے کہا کہ ملک کو عمران خان سے بچانا ہے، جنرل ریٹائرڈ قمر جاوید باجوہ سپر کنگ تھے اور سارے فیصلے وہ کرتے تھے۔

بقیہ 38

اور وقار کے مقامی عدالت سے اشتہاری ہونے کے وارنٹ حاصل کر لیے گئے ہیں۔ دوسری جانب سپریم کورٹ نے صحافی ارشد شریف قتل کیس کی فیکٹ فائنڈنگ رپورٹ پبلک کرنے والوں کے خلاف تحقیقات کا حکم دے دیا۔ سپریم کورٹ نے جے آئی ٹی رپورٹ مسترد کردی، سپریم کورٹ میں صحافی ارشد شریف کے قتل پر از خود نوٹس کیس کی سماعت ہوئی۔ چیف جسٹس عمر عطا بندیال کی سربراہی میں 5 رکنی بینچ نے کیس پر سماعت کی۔ پانچ رکنی بینچ جسٹس عمر عطا بندیال کے علاوہ جسٹس اعجاز الاحسن، جسٹس منیب اختر، جسٹس جمال خان مندوخیل اور جسٹس محمد علی مظہر پر مشتمل ہے۔ دوران سماعت چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے استفسار کیا کہ ارشد شریف قتل کیس کی فیکٹ فائنڈنگ رپورٹ کس نے پبلک کی؟ پتا کریں کہ فیکٹ فائنڈنگ رپورٹ پبلک کرنے کے پیچھے کون ملوث تھا؟۔ ارشد شریف قتل کیس کی فیکٹ فائنڈنگ رپورٹ بغیر تصدیق پبلک کردی گئی، کسی نے ارشد شریف قتل کیس کی فیکٹ فائنڈنگ رپورٹ جان بوجھ کر پبلک کی ہے۔ چیف جسٹس نے مزید ریمارکس دیئے کہ ارشد شریف قتل کیس کی پاکستان میں تحقیقات میں غلطیاں ہوئی ہیں۔ جسٹس مظاہر علی نقوی نے ریمارکس دیئے کہ عدالت نے رپورٹ کا ایک ایک لفظ پڑھا ہوا ہے۔ سماعت کے دوران ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے بتایا کہ کینیا نے ارشد شریف قتل کی تحقیقات میں تعاون نہیں کیا۔ جسٹس اعجاز الاحسن نے استفسار کیا کہ اگر کسی ملک سے تعلقات بہت اچھے نہ ہوں تو تحقیقاتی تعاون کیسے لیا جاسکتا ہے؟

بقیہ 39

سٹاف اور سرکل سپروائزرز کی تعیناتی، ضلع میں قائم مردم شماری کے سنٹر سپورٹ سینٹر کی افادیت، نادرا کے تعاون سمیت دیگر معاملات کے حوالے سے تفصیلاً بریفنگ دی گئی۔ انہوں نے مزید بتایا کہ تمام فیلڈ سٹاف مردم شماری کو 16 فروری تا 24 فروری تک تمام ٹیبلیٹ، نقشہ جات اور دیگر سامان تقسیم کر دیا جائیگا اور مردم شماری یکم مارچ سے شروع ہوگی، جو 2 اپریل 2023 تک جاری رہے گی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ مردم شماری ایک قومی فریضہ ہے جسکی بروقت تکمیل کیلئے تمام وسائل کو بروئے کار لایا جائیگا۔ مردم شماری سے حاصل کردہ معلومات معاشرے کی تعمیر و ترقی، آبادی کی فلاح و بہبود، تعلیم، صحت اور دیگر عوام دوست منصوبہ جات کیلئے انتہائی اہمیت کی حامل ہوتی ہے

بقیہ 40

امپورٹرز کے شاک کے حوالے سے درپیش مسائل کا بخوبی ادراک ہے اس ضمن میں ڈویژنل وضلعی انتظامیہ حکومت پنجاب کی وساطت سے وفاقی حکومت سے فی الفور رابطہ کرکے دالوں کو بنیادی اشیائے ضروریہ کی فہرست میں شامل کرانے کے لئے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔ اس موقع پر دالوں کے امپورٹرز نے مسائل کے حل کی یقین دہانی پر ڈویژنل کمشنر کے اقدامات کو سراہا اور مارکیٹ میں دالوں کی دستیابی کی موجودہ صورتحال سے آگاہ کیا۔ ڈی او انڈسٹریز محمد عرفان، ایکسٹرا اسسٹنٹ ڈائریکٹر زرعی مارکیٹنگ محمد عثمان، سیکرٹری مارکیٹ کمیٹی عامر الیاس چٹھہ اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ دریں اثناء کمشنر سلوت سعید نے چاروں اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز سے کہا ہے کہ وہ برادر ممالک ترکی و شام کے زلزلہ متاثرین کی امداد و بحالی کے لئے تاجر تنظیموں سمیت مخیر حضرات کو متحرک کریں۔ انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں میں بھی اس ضمن میں آگاہی پیدا کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ سماجی بہبود کے زیر انتظام این جی اوز کے نمائندوں سے ملاقاتیں کرکے انہیں بھی اس تحریک کا حصہ بنائیں۔ علاوہ ازیں کمشنر سلوت سعید نے مسلسل دوسرے روز بھی پٹرول پمپس کا دورہ کیا اور صارفین کو فیول کی فراہمی کا جائزہ لیا۔ انہوں نے موقع پر موجود کار و موٹر سائیکل سواروں سے فیول ملنے کے بارے میں دریافت کیا جبکہ پٹرول پمپس پر واش روم کی صفائی اور سی سی ٹی وی کیمروں کے فنکشنل ہونے کو بھی چیک کیا۔ انہوں نے پٹرول پمپس پر وزن کے پیمانے بھی چیک کئے اور واضح کیا کہ ہیرا پھیری یا گڑبڑ کی کوئی گنجائش نہیں۔

بقیہ 41

نے ہمراہ نفری پولیس و لیڈی پولیس سرچ اینڈ سٹرائیک آپریشن کیا، اس دوران تین منشیات فروشوں کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے مجموعی طور پر 2 کلو 150 گرام چرس اور 60 لیٹر شراب برآمد کرکے ان کے خلاف امتناع منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر لئے۔ ملزمان سے غیر قانونی اسلحہ بشمول ایک رائفل، 4 بندوقیں، ایک پستول اور مختلف بور کے 77 عدد کارتوس برآمد کرکے ان کے خلاف اسلحہ ایکٹ کے تحت مقدمات درج کئے گئے، اس کے علاوہ کرایہ داری ایکٹ کے تحت بھی تین مقدمات درج ہوئے۔

بقیہ 42

نے راولپنڈی کینٹ و تحصیل و ضلع راولپنڈی کے عہدیداران نے حلف لیا اور مبارکباد پیش کی۔ کاشف ادیب جاودانی نے کہا کہ ایپسما راولپنڈی پاکستان بھر میں سب سے مضبوط تنظیم ہے ابرار احمد خان میرا بازو ہیں ان کی قیادت میں ایسوسی ایشن بڑی سرعت کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے۔ نجی سکولز کے لیے پنجاب حکومت پیرا کا کالا قانون لانا چاہتی تھی سابق وزیر تعلیم پنجاب میاں مسعود اور ایپسما کی بروقت مداخلت سے اسکا نفاذ روک دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ لاہور میں تقریباً ساڑھے 4 ہزار سکولز کی رجسٹریشن ہماری وساطت سے ہوئی ہے اور ڈسٹرکٹ رجسٹریشن اتھارٹی بڑے اچھے انداز میں کام کر رہی ہے۔ قاضی طارق نے اپنے خطاب میں کہا کہ ڈی آر اے میں تمام فیصلے تمام ممبران کی متفقہ رائے سے کیے جاتے ہیں۔ فرد واحد کا کوئی عمل دخل نہیں ہوتا۔ انہوں نے کہا کہ سکولز مالکان چیک لسٹ کے مطابق مکمل اور مقررہ تاریخ تک کیسز جمع کروائیں تاکہ اعتراضات سے بچ سکیں۔ انہوں نے کہا کہ ایپسما سب سے بڑی تنظیم ہونے کی حیثیت میں سکولز مالکان کے لیے رجسٹریشن آفس میں سہولت مرکز قائم کرے اور رجسٹریشن فائلز چیک لسٹ کے مطابق خود وصول کرے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے رجسٹریشن پراسیس کو تیز کرنے کے لیے ضلع راولپنڈی میں 10 کے قریب ڈسٹرکٹ رجسٹریشن کیمپز بنادی ہیں۔ ابرار احمد خان نے کہا کہ ایپسما ترکی اور شام میں زلزلے سے متاثر ہونے والے مسلمانوں کے لیے عطیات جمع کرے گی اور انکی ہر ممکنہ مدد کرے گی۔ ایپسما اس کار خیر کو اپنی دینی و قومی ذمہ داری سمجھتی ہے۔ تقریب سے چوہدری محمد فرقان، سینئر نائب صدر راولپنڈی چیمبر آف سمال بزنس اینڈ ٹریڈ نعیم اشرف، عامر انور، عطاء الرحمٰن چوہدری، محمد توفیق ابرار احمد ایڈووکیٹ، وسیم سیفی، مسز سکینہ تاج نے بھی خطاب کیا۔

بقیہ 43

سبسڈی بھی واپس لے لی جائے۔ پلان کے مطابق جون 2023 تک بجلی صارفین سے تقریبا 250 ارب روپے ریکور کیے جائیں گے، اس کے علاوہ 3 روپے 39 پیسے فی یونٹ کا سرچارج بھی لگے گا، سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی مہنگی کی جائے گی، جون تک سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ میں اضافے سے 73 ارب روپے حاصل ہوں گے، اس حوالے سے رواں ماہ بجلی 4 روپے 46 پیسے تک مہنگی ہوگی۔ ذرائع کے مطابق فروری کے ٹیرف میں اوسط اضافہ 3 روپے 21 پیسے فی یونٹ بنے گا جبکہ مارچ میں سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ میں بجلی 69 پیسے مہنگی کی جائے گی، جون میں سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی ایک روپے 64 پیسے مہنگی ہوگی، ستمبر میں بھی بجلی ایک روپے 98 پیسے مہنگی کی جائے گی۔ جون تک برآمدی شعبے، کسانوں کیلئے سبسڈی ختم ہونے سے 65 ارب روپے حاصل ہوں گے، برآمد کنندگان کیلئے بجلی پر سبسڈی ختم ہونے سے 51 ارب روپے اضافی خزانے میں جمع ہوں گے، کسان پیکیج کے تحت بجلی پر سبسڈی ختم ہونے سے 14 ارب روپے زائد ملیں گے۔

بقیہ 44

تک پورے روٹ کو چمکا دیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ بوسن روڈ سے ڈی ایچ اے تک روٹ کی بھی بہترین صفائی ستھرائی کردی گئی ہے۔ 22 فروری تک اسٹیڈیم، روٹ اور پارکنگ ایریا کی صفائی روزانہ کی بنیاد پر جاری رہے گی۔ ملتان ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے ورکرز دن اور رات کے اوقات میں صفائی کے لئے شفٹوں میں کام کریں گے

بقیہ 45

گورنر پنجاب کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست میں کہا گیا ہے کہ لاہور ہائیکورٹ نے 90 روز میں الیکشن کرانے کا حکم دیا۔ فواد چوہدری نے بتایا کہ الیکشن کمیشن ارکان اور گورنر پنجاب کے خلاف توہین عدالت کی درخواست دائر کی گئی۔ عدالتی احکامات کے باوجود الیکشن تاریخ نہ دیئے پر یہ درخواست لاہور ہائیکورٹ میں دائر کی، اظہر صدیق ایڈووکیٹ نے انتخابات کی تاریخ نہ دینے پر درخواست دائر کی۔ اظہر صدیق ایڈووکیٹ کا کہنا تھا کہ گورنر پنجاب اور الیکشن کمیشن آئینی ذمہ داری پورے نہیں کر رہے، گورنر پنجاب کا سیاسی جماعت سے تعلق نہیں ہوتا۔ گورنر کا کام صرف آئین اور قانون پر عمل کرنا ہوتا ہے، وفاقی اور نگران حکومت اپنے آئینی کردار سے پیچھے ہٹ رہی ہے۔ یاد رہے کہ دو روز لاہور ہائیکورٹ نے الیکشن کمیشن کو پنجاب میں الیکشن کی تاریخ دینے کا حکم دیا، لاہور ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی کی درخواست منظور کرتے ہوئے الیکشن کمیشن کو پنجاب میں انتخابات کی تاریخ دینے کی ہدایت کی۔ لاہور ہائیکورٹ نے پنجاب میں الیکشن کی تاریخ سے متعلق پاکستان تحریک انصاف کی درخواست پر محفوظ فیصلہ سنایا۔ عدالت نے تحریری فیصلہ بھی جاری کیا، جسٹس جواد حسن نے 16 صفحات پر مشتمل فیصلہ جاری کیا، تحریری فیصلے میں کہا گیا کہ الیکشن کمیشن پنجاب میں فوری الیکشن کی تاریخ کا اعلان کرے، الیکشن کمیشن گورنر سے مشاورت کے بعد نوٹیفکیشن جاری کرے۔ یقینی بنایا جائے کہ آئین میں دی گئی 90 دن کی مدت سے تجاوز نہ ہو۔ تحریری فیصلے کے مطابق گورنر کے دستخط کے بغیر اسمبلی خود تحلیل ہو تو اس صورت میں آئین نے کسی اتھارٹی کو تاریخ دینے کا پابند نہیں کیا۔

بقیہ 46

سے حلف لیا گیا حلف لینے والوں میں سرپرست حاجی سیف اللہ جوڑا چیئرمین شفقت عزیز صدر ڈاکٹر رانا عبداللہ سینئر نائب صدر ڈاکٹر ذوالفقار رانا جنرل سیکرٹری ارشاد احمد اصلاحی نائب صدر افتخار احمد فیاض نیازی جائنٹ سیکرٹری ملک نواز فنانس سیکرٹری راجہ سکندر حیات انفارمیشن سیکرٹری ملک محمد اسلام ممبران میں قاضی محمد اکرام محمد اسد ڈار ملک شعیب کمہ چوہدری محمد اکرم مرزا خالد جاوید بیگ خان جاوید خان چوہدری نصیر احمد بسرا ملک ندیم افضل ملک منظور احمد کنڈان شامل تھے

بقیہ 47

جمشید خان نے کہا کہ صحافت پیغمبری پیشہ ہے اس سے وابستہ افراد معاشرے کی آنکھ اور کان کی حیثیت رکھتے ہیں۔ صحافیوں کیلئے حکومتی سطح پر بھی تقریبات کے انعقاد کا مقصد حوصلہ افزائی کرنا ہے تاکہ صحافی مثبت کردار ادا کر کے مثالی معاشرہ قائم کرسکیں۔ سیاسی و سماجی رہنما جمشید خان نے ایوارڈ لینے والے تمام صحافیوں کو مبارکباد دی اور انسانیت کے لیے خدمات کو سراہا۔

بقیہ 48

ملزم مدثر مختیار نے گولی نہیں چلائی، ملزم شکیل احمد گاڑی چلا رہا تھا۔ ملزم سعید احمد نے مشین گن سے ایک فائر کیا۔ ملزم افتخار نے 9 ایم ایم سے 4 اور ملزم مصطفیٰ نے ایس ایم جی سے 17 فائر کیے۔ پوسٹمارٹم کے مطابق اسامہ ستی کی موت زخموں اور تقریباً 2 لیٹر خون کے ضائع ہونے سے ہوئی۔ اسامہ ستی کے سر، بازو اور جسم کے مختلف حصوں پر 11 گولیوں کے زخم تھے۔ مقتول کے والد کے مطابق اسامہ ستی کی ایک دن قبل پانچوں ملزمان سے تلخ کلامی ہوئی۔ مقتول کے والد کے مطابق پانچوں ملزمان نے اسامہ ستی کو جان سے مارنے کی دھمکی دی۔ واقع کے چشم دید گواہ کے مطابق سرینگر ہائی وے پر پولیس کی گاڑی نے چھوٹی گاڑی کو روک کر گولیاں چلائیں۔ فورینسک کے مطابق 17 ایس ایم جی مصطفیٰ، ایک ایس ایم جی سعید اور چار نائن ایم ایم کی گولیاں افتخار کے ساتھ میچ کیں۔ ثبوتوں سے ظاہر ہوتا ہے ملزمان نے جان بوجھ کر اسامہ ستی پر گولیاں چلائیں۔ فورینسک کے مطابق اسامہ ستی کی گاڑی پر 19 گولیوں کے داخل اور 8 گولیوں کے خارج ہونے کے نشانات تھے۔ ملزمان کی جانب سے 22 فائر کیے گئے لیکن ایک بھی اسامہ ستی کی گاڑی کے ٹائروں کو نہیں لگا۔ ملزمان نے اسامہ ستی کو ہسپتال لیکر جانے کی بجائے لاش کئی وقت سڑک پر رکھے رکھی۔ 15 نے بھی ریسکیو 1122 کو جائے وقوعہ کا غلط پتہ بتایا، ایمبولینس کچھ وقت بعد واپس چلی گئی۔ ثبوتوں کی بنیاد پر مصطفیٰ اور افتخار کو سزائے موت کا حکم دیا جاتا ہے۔ ثبوتوں کی بنیاد پر مدثر، شکیل اور سعید کو عمر قید کی سزا سنائی جاتی ہے

بقیہ 49

اہلکار جاں بحق ہوگیا۔ دکی پولیس کے مطابق دکی میں پولیس اہلکار نے مشکوک گاڑی کو روکنے کی کوشش کی تھی جس پر ملزمان کی جانب سے فائرنگ کردی گئی۔ پولیس نے بتایا ہے کہ فائرنگ کے بعد گاڑی میں سوار مشتبہ مسلح افراد باآسانی فرار ہوگئے۔ دکی پولیس نے مقتول اہلکار کی لاش پوسٹ مارٹم کے لیے اسپتال منتقل کردی ہے جبکہ واقعے کی تفتیش شروع کردی گئی ہے۔

بقیہ 50

پر اظہار خیال۔ (آج خدمت خلق ویلفیئر سوسائٹی کے اراکین اور اپر باڑہ قومی مشران نے نگران صوبائی وزیر برائے ریلیف و ابادء کاری الحاج تاج محمد آفریدی کیساتھ ملاقات کی اور ان کو وزارت کا قلمدان ملنے پر مبارکباد دی اور ان کو سوینیر پیش کیا۔ اس موقع پر خدمت خلق ویلفیئر سوسائٹی کے صدر شیخ گل آفریدی، اپر باڑہ قومی مشر قاضی وارث خان اور سابقہ عبوری صدر مقبلی خان نے اپر اور میدانی باڑہ کے مسائل پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے CLCP سروے شروع کرنے، اریگیشن واٹر چینلز کی بحالی و چنگی، زرعی زمینوں کی لینڈ لیولنگ، وغیرہ جیسے مسائل ریلیف صوبائی وزیر کے سامنے پیش کیے۔ اس موقع پر نگران صوبائی وزیر الحاج تاج محمد آفریدی نے وفد کو خوش آمدید کہا اور وفد کا شکریہ ادا کیا۔ وفد کے مسائل کے جواب میں کہا کہ میں نے سینٹ دور میں بھی قبائلی عوام کے حقوق کے لیے آواز اٹھائی ہے۔ اور ریلیف کی وزارت ملتے ہی میں نے متاثرین کے مسائل کے سلسلے میں ریلیف کے تمام اداروں غیر سرکاری تنظیموں اور PDMA کیساتھ رابطہ کیا ہے۔ اور متاثرین کے مسائل کے سلسلے میں کل ایک اجلاس میں بریفنگ دی جائے گی۔ ضلع خیبر کے عوام کیلئے میرے دفتر اور میرے حجرہ کے دروازے ہر وقت کھلے رہینگے۔۔۔ میں بہت جلد بکا خیل کیمپ کا دورہ کروں گا۔ اور اس کے بعد بہت جلد اپر باڑہ کا دورہ کرکے وہاں کے مسائل پر متعلقہ حکام کیساتھ تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ اور تمام سٹیک ہولڈرز کو اس سلسلے میں آن بورڈ رکھا جائے گا۔ اس موقع پر تحریک اصلاحات پاکستان کے سربراہ سابقہ ممبر قومی اسمبلی الحاج شاہ جی گل، سابقہ ممبر صوبائی اسمبلی الحاج بلاول اور حاجی عبدالواحد بھی موجود تھے۔

بقیہ 51

الحاج تاج محمد افریدی، سابق ایم این اے الحاج شاہ جی گل افریدی، سابق ایم پی اے الحاج بلاول آفریدی اور تحصیل چیئرمین الحاج سید نواب آفریدی، وی سی فور غنڈی ون کے چیئرمین حاجی عبدالمس نان مندوخیل، ملک ذہین گل لال خیل، حاجی گوہر آفریدی نے کہا کہ قبائلی علاقوں کی خدمت مشن ہے اور بلاتفریق علاقے کی خدمت میں الحاج خاندان پیش پیش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قبائلی علاقوں کی ترقی خوشحالی کا وقت آ گیا ہے یہاں پر ترقیاتی کام اور علاقائی پسماندگی دور کرنے کے لیے ہمیں مشترکہ جدوجہد کرنا ہوں گی۔ نگران صوبائی وزیر ریلیف و آبادکاری الحاج تاج محمد افریدی نے کہا کہ تیراہ سمیت قبائلی اضلاع کے متاثرین کے مسائل سے بخوبی آگاہ ہیں جہاں پر ان کے گھر، جنگلات، زراعت سمیت دیگر انفراسٹرکچر تباہ ہو چکا ہیں ان کی بحالی و ابادی کاری مشن ہے اور جب تک نگران صوبائی حکومت ہوگی ان کی مد جاری رکھے گے۔ انہوں نے کہا کہ محکموں اور وزرات میں میرٹ کی بلادستی قائم رہے گی اور کسی کو میرٹ کی خلاف ورزی کی اجازت نہیں دے گے۔

بقیہ 52

میں پیدا ہونے والے حالات پر قابو پانے سمیت تنازعات حل کرنے، مقامی لوگوں کے آپس کی سالہ پرانی دشمنیوں کو ختم کرنے، قومی اور سیاسی و سماجی مشران کی پگڑیاں بلند رکھنے جیسے مثالی کردار ادا کرنا قابل تحسین ہے، موجودہ ایس ایچ او تھانہ لنڈی کوتل ملک اکبر آفریدی ان چند پولیس افسران میں شامل ہے جو قبائلی رسم و رواج اور روایات سے بھرپور واقفیت رکھتے ہیں، اور تمام عوامی تنازعات اور مسائل قبائلی روایات کے مطابق حل کرنے کا تجربہ رکھتے ہیں، گزشتہ روز شہید بلال آفریدی بر قمبر کے واقعے کے بعد شہید اور ان کے لواحقین و باڑہ سیاسی اتحاد کو عزت و احترام دینے میں اکبر آفریدی نے مرکزی کردار ادا کیا، اور اس طرح حال ہی میں درجنوں واقعات، تنازعات اور مسائل کے حل میں موصوف نے مرکزی کردار ادا کیا ہے۔ حاجی اکبر آفریدی کا تعلق ضلع خیبر کے تحصیل باڑہ قبیلہ اکاخیل کے ایک معزز خاندان سے ہے۔ موصوف نہ صرف عوامی مسائل و تنازعات کے حل کے لیے سرگرم رہتے ہیں بلکہ اپنے پولیس ڈیپارٹمنٹ کے مسائل اور خاص کر پولیس شہدا کے لواحقین سے دلی ہمدردی رکھتے ہیں اور یوم شہدا پولیس کے موقع پر اپنی جیب خرچ سے بڑی تقریبات کا انعقاد بھی کرتے ہیں

بقیہ 53

میڈیا اکاؤنٹس پر ملنے والی صفائی سے متعلق شکایات کو بھی مقررہ ٹائم میں حل کرنے کی کاوشیں بھی جاری ہیں، آر ڈبلیو ایم سی کے مینیجر آپریشنز تحصیل حسن سردار اور اسسٹنٹ مینیجر آپریشنز کلر سیداں ولید بن فاروق کے مطابق ورکرز شہر کی مختلف یونین کونسلز اور دیہاتوں میں گلی، محلوں، سڑکوں اور بازاروں کی صفائی یقینی بنانے میں مصروف عمل ہیں، شہر اور دیگر علاقوں میں چھوٹے اور بڑے ویسٹ کنٹینرز رکھے گئے ہیں، تاکہ اہل علاقہ اپنا کوڑا کرکٹ ان میں ڈال سکیں، اسکے ساتھ ساتھ منی ڈمپرز، کمپیکٹر، ڈمپرز اور ٹریکٹر ٹرالی کی مدد سے صفائی آپریشن کیا جاتا ہے، روزانہ کی بنیادوں پر شہر میں موجود تمام چھوٹے بڑے کنٹینرز کو صاف کیا جاتا ہے، اہم مواقع پر چونے کا استعمال کیا جاتا ہے، کوڑا کرکٹ کو ٹرانسفر سٹیشن منتقلی کے بعد لوسر ڈمپ سٹیشن لے جا کر تلف کر دیا جاتا ہے، شہری بھی صفائی کی کاوشوں میں معاون بنیں، کوڑا کرکٹ کھلے عام، نالیوں میں نہ پھینکیں، ہم سب نے ملکر کلر سیداں کو زیرو ویسٹ سٹی بنانا ہے، راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی سوشل موبلائزیشن اینڈ کمیونیکیشن ٹیم بھی آپریشن سٹاف کے شانہ بشانہ فیلڈ میں شہریوں کو آگاہی دینے میں مصروف عمل ہے، اس سلسلے میں راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی سوشل موبلائزیشن اینڈ کمیونیکیشن ٹیم نے گزشتہ روز لیاقت روڈ یوسی 46 - میں مارکیٹ صفائی آگاہی مہم کا انعقاد کیا

بقیہ 54

رآذربائیجان کی ثقافت اور روایتی کھانوں کے فروغ میں این جی او کام کر رہی ہے۔ اس موقع پر فاخرانده حسن زادے، سربراہ این جی او ارٹی شوک نے کہا کہ لاہور میں تاریخی مقامات کو دیکھ کر بہت اچھا لگا۔ لاہور کے لوگ نہایت مہمان نواز اور اعلی اخلاقیات کے مالک ہیں۔ وفد نے اندرون لاہور میں دہلی گیٹ، سبیل والی گلی، مغلوں کا کنواں، سردار سورجن سنگھ گلی، عثمان کی بیٹھک کی سیر کی۔ تمام تاریخی مقامات کی سیر کے دوران تصویریں لی گئیں اور وفد نے ثقافتی ورثہ کی بحالی کی تعریف کی۔ آذر بائیجان کے وفد نے مسجد وزیر خان، فقیر خانہ میوزیم، لاہور قلعہ شیش محل اور بارود خانہ بھی دیکھا۔ لاہور والڈ سٹی اتھارٹی کے فوکل پرسن رانا علی حیدر اور فاطمہ نے ثقافتی ورثہ پر وفد کو بریفنگ دی۔ فقیر خانہ میوزیم میں آئے معروف کامیڈین سہیل احمد کے ساتھ وفد نے فوٹو بنوائے۔ فاخرانده حسن زادے، سربراہ این جی او ارٹی شوک نے کہا کہ ہم حکومت پنجاب اور میزبان افسران کی بہترین میزبانی و تعاون کے لیے بہت مشکور ہیں۔

بقیہ 55

رضوان کو رنگے ہاتھوں گرفتار کرکے 4740 گرام چرس برآمد کر لی تھانہ میں الگ الگ مقدمہ درج

ضلعی انتظامیہ کی کاروائیاں، ناجائز منافع خوری پر 9 ہزار روپے جرمانے

ناجائز منافع خوری کے علاوہ ساڑھے 10 کلوگرام سے زیادہ پولی تھین بیگز میں قبضے میں لئے

اسسٹنٹ کمشنرز نے ناجائز منافع خوری کے حوالے سے 102 مقامات پر چیکنگ کی، ترجمان آئی سی ٹی

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) اسلام آباد کی ضلعی انتظامیہ نے وفاقی دارالحکومت کے مختلف علاقوں میں ناجائز منافع خوری پر 9 ہزار روپے سے زیادہ کے جرمانے اور ایک دکان، غیر قانونی پیٹرول فلنگ ایجنسی، ایل پی جی سٹیشن کو سیل کرتے ہوئے 3 افراد کو گرفتار کرلیا۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے جاری تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نواز میمن کی ہدایت پر تمام اسسٹنٹ کمشنرز نے اپنے اپنے علاقوں میں ناجائز منافع خوری، غیر قانونی پٹرول ایجنسیوں، ایل پی جی فلنگ سٹیشنز اور پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کارروائیاں کیں۔ اس حوالے سے ترجمان آئی سی ٹی ڈاکٹر محمد عبداللہ تبسم نے بتایا کہ اسسٹنٹ کمشنرز نے ناجائز منافع خوری کے حوالے سے 102 مقامات پر چیکنگ کی اور ناجائز منافع خوری پر 9 ہزار 500 روپے جرمانہ (بقیہ نمبر 26)

اسلام آباد: وزیرداخلہ رانا ثنااللہ کا زیرتعمیر دیامر بھاشا ڈیم کا دورہ

حکومت پولیس شہداء کے لواحقین کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے، محسن نقوی

نگران وزیر اعلیٰ پنجاب کا چیئرنگ کراس دھماکے کے شہداء کی چھٹی برسی پر پیغام

شہید ایس ایس پی آپریشن لاہور زاہد گوندل اور دیگر پولیس اہلکاروں کی لازوال قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں

لاہور (اسپیشل رپورٹر) نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے چیئرنگ کراس دھماکے کے شہداء کی چھٹی برسی پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ یہ دن بہادر سپوتوں کی عظیم قربانیوں کو یاد کرنے کا دن ہے، پنجاب حکومت شہدا کے لواحقین کے ساتھ ہے اور ان کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پولیس شہداء ہمارا مان ہیں۔ شہید ڈی آئی جی ٹریفک لاہور کیپٹن (ر) سید احمد مبین، شہید ایس ایس پی آپریشن لاہور زاہد گوندل اور دیگر پولیس اہلکاروں کی لازوال قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ ڈی آئی جی ٹریفک کیپٹن (ر) احمد مبین اور ایس ایس پی آپریشن زاہد گوندل نے شہادت کا عظیم رتبہ پایا، قوم شہداء کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی، شہداء نے عظیم مقصد کیلئے لازوال قربانیاں دی ہیں، شہداء ہمیشہ ہمارے دلوں میں بستے رہیں گے۔ انہوں (بقیہ نمبر 27)

راولپنڈی: ضمنی الیکشن، شیخ رشید اور شیخ راشد شفیق کے کاغذات نامزدگی پر اعتراضات مسترد

شہباز گل کی بریت کی درخواست مسترد ہونے کا فیصلہ جاری

شہباز گل دوران سماعت اپنے دیئے گئے بیان سے کبھی انکاری نہیں ہوئے

شہباز گل کا مقدمے سے تعلق جوڑنے کیلئے ریکارڈ پر اطمینان بخش ثبوت موجود ہیں

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) اسلام آباد کی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ نے تحریک انصاف کے رہنما شہباز گل کی بریت کی درخواست مسترد ہونے کا فیصلہ جاری کر دیا۔ ایڈیشنل سیشن جج طاہر عباس سپرا نے 3 صفحات پر مشتمل تفصیلی فیصلہ جاری کر دیا۔ عدالتی فیصلے میں کہا گیا کہ وکیل ملزم کے مطابق شہباز گل کے خلاف کیس یو ایس بی کی بنیاد پر بنایا گیا، وکیل ملزم کے مطابق یو ایس بی کی کبھی فرانزک نہیں کروائی گئی، یو ایس بی سیل شدہ نہیں تھی جس پر انحصار نہیں کیا جاسکتا۔ وکیل ملزم کے مطابق شہباز گل کے خلاف ثبوت (بقیہ نمبر 29)

موسیٰ الٰہی کی ضمانت قبل از گرفتاری میں 23 فروری تک توسیع

دیا کہ موسیٰ الٰہی آج (منگل کو) شام 4 بجے تھانہ ککرالی میں شاملِ تفتیش ہوں

مقدمہ سیاسی بنیاد پر بنایا گیا، پولیس نے موسیٰ الٰہی کو خود شاملِ تفتیش نہیں، وکیل موسیٰ الٰہی

گوجرانوالہ (نامہ نگار) گوجرانوالہ کی انسدادِ دہشت گردی کی عدالت نے پاکستان مسلم لیگ ق کے رہنما چوہدری وجاہت حسین کے بیٹے چوہدری موسیٰ الٰہی کی ضمانت قبل از گرفتاری میں 23 فروری تک توسیع کر دی۔ دورانِ سماعت تفتیشی افسر نے گوجرانوالہ کی انسدادِ دہشت گردی کی عدالت کو بتایا کہ موسیٰ الٰہی ضمانت قبل از گرفتاری کے باوجود شاملِ تفتیش نہیں ہوئے۔ تفتیشی افسر نے عدالت سے استدعا کی کہ موسیٰ الٰہی سے تفتیش درکار ہے اس لئے درخواستِ ضمانت خارج کی جائے (بقیہ نمبر 28)

لاہور: پنجاب میں الیکشن کب ہوں گے؟ گورنر بلیغ الرحمان نے اجلاس طلب کرلیا

نوشہرہ، منشیات کی بھاری کھیپ پنجاب سمگل کرنے کی کوشش ناکام، 2 گرفتار

ملزمان سے 13.8 کلوگرام اعلیٰ کوالٹی چرس 19.8 کلوگرام افیون اور 500 گرام آئس برآمد

نوشہرہ (کرائم رپورٹر) نوشہرہ کے تھانہ اکبرپورہ پولیس نے منشیات کی بھاری کھیپ پنجاب سمگل کرنے کی کوشش ناکام بنادی۔ رکشہ سے 13.8 کلوگرام اعلیٰ کوالٹی چرس، 19.8 کلوگرام افیون اور 500 گرام آئس برآمد کرکے 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ ملزمان کا تعلق پنجاب سے ہے۔ ڈسٹرکٹ پولیس افیسر محمد عمر خان کے خصوصی احکامات پر ضلع بھر میں جرائم پیشہ افراد کیخلاف بھرپور کاروائیاں جاری ہیں۔ ہدایت شاہ خان SHO اکبرپورہ کو باوثوق ذرائع سے اطلاع ملی کہ رکشہ تیز رفتار کے ذریعے بھاری (بقیہ نمبر 30)

اسسٹنٹ کمشنر سٹی محمد زبیر کا مختلف میگا مارٹس کا دورہ

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) اسسٹنٹ کمشنر سٹی محمد زبیر نے مختلف میگا مارٹس کا دورہ کیا اور ڈی سی کاؤنٹرز پر آٹے کی دستیابی، معیار اور قیمتوں کو چیک کیا۔ انہوں نے کیش اینڈ کیری سوساں روڈ پر آٹا دستیاب ہونے کے باوجود فروخت نہ کرنے کی عوامی شکایات پر برہمی کا اظہار اور بطور خریدار آٹا طلب کیا تو کاؤنٹر سے آٹا فروخت نہ کرنے کی شکایت درست (بقیہ نمبر 31)

سودی نظام معیشت نے پاکستانی معیشت کو ڈبو دیا، امیر العظیم

قومی اثاثوں اور اداروں کی نجکاری کی جارہی ہے، یہ سارا بوجھ عوام پر ہی ڈالا جائے گا

سودی نظام معیشت، کرپشن اور مہنگائی کا خاتمہ اور پٹرول، بجلی، گیس واشیاء خوردونوش سستی کی جائیں

لاہور (نیوز رپورٹر) سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی پاکستان اور امیدوار این اے 135 امیر العظیم اور امیدوار پی پی 166 چوہدری عبدالقیوم گجر نے نواب ٹاؤن میں ورکرز کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی تمام پالیسیاں اب آئی ایم ایف کے کہنے پر بنائی جائیں گی۔ سودی نظام معیشت نے پاکستانی معیشت کو ڈبو دیا۔ جانتے بوجھتے کہ سود اللہ اور رسول اللہ ﷺ سے جنگ ہے اور بربادی کا باعث ہے۔ کوئی حکمران بھی یہ نظام ختم کرنے کی کوشش نہیں کررہا۔ آئی ایم ایف نے اب جو قرض دیا ہے۔ اس کی شرائط بہت ہی سخت ہیں۔ مہنگائی کی چکی میں پسی ہوئی عوام پر مہنگائی کا مزید بوجھ ڈالا جائے گا۔ پٹرول، بجلی، گیس اور اشیاء خوردونوش مزید مہنگی ہوں گی۔ غریب عوام دو وقت کی روٹی سے بھی محروم ہو جائے گی۔ قومی اثاثوں اور اداروں کی نجکاری کی جارہی ہے۔ یہ سارا بوجھ عوام پر ہی ڈالا جائے گا۔ ہمارا مطالبہ ہے کہ سودی نظام معیشت، کرپشن اور مہنگائی کا خاتمہ کیا جائے، پٹرول، بجلی، گیس (بقیہ نمبر 32)

اسسٹنٹ کمشنر سمبڑیال کا شہر کے مختلف مقامات کی صفائی ستھرائی کا جائزہ

سمبڑیال (خصوصی رپورٹر) اسسٹنٹ کمشنر سمبڑیال احسن ممتاز گوندل نے سینٹری انسپکٹر بلدیہ کے ہمراہ اعلیٰ الصبح شہر کے مختلف مقامات کی صفائی ستھرائی کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے سینٹری انسپکٹر بلدیہ کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ مکینکل سویپرز کا کام کسی بھی قسم کے حالات میں جاری رکھا جائے اور ڈیوٹی روسٹر کے (بقیہ نمبر 33)

کراچی میں پنک بس سروس کے مزید 2 روٹس کا آغاز

الیکٹرک بس سروس کی ایک اور بڑی فلیٹ کراچی پورٹ پر پہنچ چکی ہے، شرجیل انعام میمن

کراچی (جنرل رپورٹر) صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ سندھ شرجیل انعام میمن نے کراچی میں 20 فروری کو پنک بس سروس کے مزید دو روٹس کا آغاز اور روٹ ون کی فلیٹ میں بسوں میں اضافہ کا اعلان کردیا۔ تفصیلات کے مطابق انہوں نے 17 فروری سے سکھر اور 18 فروری سے حیدرآباد کے عوام کے لیے پیپلز بس سروس کا باقاعدہ آغاز کرنے کا اعلان بھی کیا ہے۔ اعلیٰ سطح اجلاس کے بعد اپنے دفتر میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے پیپلز پنک بس سروس کے روٹ ون کی فلیٹ میں مزید بسوں کا (بقیہ نمبر 34)

سکولز مینجمنٹ راولپنڈی کے نومنتخب عہدیداران کی تقریب حلف برداری

راولپنڈی میں زیر صدارت مرکزی صدر کاشف ادیب جاودانی منعقد ہوئی

شام میں زلزلے سے متاثر ہونے والے مسلمانوں کے لیے عطیات جمع کرے گی، ابرار احمد

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) آل پاکستان پرائیویٹ سکولز مینجمنٹ ایسوسی ایشن راولپنڈی ڈویژن کے نومنتخب عہدیداران کی تقریب حلف برداری ایسلم ہائیر سیکنڈری سکول حیدری چوک سٹیلائٹ ٹاؤن راولپنڈی میں زیر صدارت مرکزی صدر کاشف ادیب جاودانی منعقد ہوئی تقریب کے مہمان خصوصی ڈاکٹر طارق محمود قاضی سی ای او ایجوکیشن تھے دیگر مہمانان گرامی میں ڈویژنل صدر و ممبر ڈی آر اے ابرار احمد خان، چوہدری محمد فرقان، عامر انور، عطاالرحمٰن چوہدری، قاضی نورالحسن، نعیم اشرف، محمد توفیق، انعام محمد، عتیق الرحمٰن، محمد رفیق قریشی، صدر اپسما خواتین ونگ ممبر بورڈ آف گورنرز فیڈرل تعلیمی بورڈ مسز سکینہ تاج، آغا شہاب، کرنل رفواد حنیف، کامران سیف، راجہ ثنااللہ، ڈاکٹر اعجاز محمود، اشتیاق ندیم، راجہ وسیم سیفی، ڈاکٹر نجف، نعیم اکبر، شاہد جمیل، حافظ محمد یسین، عدنان نثار، ڈاکٹر میمونہ اسمٰعیل، عبیدالرحمٰن، عابد محمود، متین احمد و دیگر بھی شریک ہوئے۔ کاشف ادیب جاودانی نے ڈویژنل عہدیداران جبکہ سی ای او ایجوکیشن (بقیہ نمبر 42)

خان پور پولیس نے تین منشیات فروش گرفتار کر لیے

، منشیات و غیر قانونی اسلحہ برآمد

ہری پور (نیوز رپورٹر) خیبر پختونخوا کے ضلع ہری پور کی خان پور پولیس نے امن و امان کی صورت حال کو برقرار رکھنے کیلئے سرچ اینڈ سٹرائیک آپریشن کے دوران تین منشیات فروشوں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے مجموعی طور پر 2 کلو 150 گرام چرس، 60 لیٹر شراب، غیر قانونی اسلحہ بشمول ایک رائفل، 4 بندوقیں، ایک پستول اور مختلف بور کے 77 عدد کارتوس برآمد کر لئے۔ ڈی پی او ہری پور کی ہدایت پر ایس ڈی پی او سرکل خان پور خان افسر خان کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ خان پور چن زیب تنولی (بقیہ نمبر 41)

ارشد شریف قتل کیس، جے آئی ٹی کے رابطے پر ایف آئی اے کا انٹرپول ہیڈ کوارٹر کو خط

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) جے آئی ٹی نے ارشد شریف قتل کیس میں ایف آئی اے انٹرپول سے رابطہ کر لیا۔ میڈیا رپورٹس میں ذرائع کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ ایف آئی اے نے انٹرپول ہیڈ کوارٹر کو خط لکھ دیا، خط میں دونوں ارشد شریف قتل کیس میں دونوں ملزمان خرم اور وقار کے وارنٹ جاری کرنے کی استدعا کی گئی، مقدمے دونوں ملزمان کو اشتہاری قرار دینے کی کارروائی مکمل کر لی گئی ہے، خرم (بقیہ نمبر 38)

پی ٹی آئی خواتین رہنماؤں کی عمران خان سے جیل بھرو تحریک کا حصہ بنانے کی استدعا

لاہور (نامہ نگار) پی ٹی آئی کی خواتین رہنماؤں نے عمران خان سے جیل بھرو تحریک میں خواتین کو حصہ بنانے کی استدعا کردی۔ تفصیلات کے مطابق چیئرمین تحریک انصاف عمران خان سے پی ٹی آئی خواتین رہنماؤں اور کارکنوں کے وفد نے ملاقات کی، خواتین نے جیل بھرو تحریک میں خواتین کو حصہ بنانے کی استدعا کی۔ وفد نے جیل بھرو تحریک میں کردار ادا کرنے اور ملک بھر سے گرفتاریاں دینے کا (بقیہ نمبر 37)

اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان میاں مراد حسین نیکوکارہ تعیناتی کے ساتھ ہی فیلڈ میں نکل پڑے

تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کا دورا صفائی کے انتظامات اور عوام کو دی جانے والی سہولیات کو تسلی بخش پایا

جی ٹی روڈ پر واقع پٹرول پمپس اور فلور ملز کا وزٹ آٹے اور پیٹرولیم مصنوعات کی بلاتعطل فراہمی جاری رکھنے کی ہدایات

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق نوتعینات اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان میاں مراد حسین نیکوکارہ نے گوجرخان چارج لیتے ہی فیلڈ میں نکل پڑے تعیناتی کے دوسرے دن ہی جی ٹی روڈ پر واقع تمام پیٹرول پمپس اور فلور ملز کا دورا کیا فلور ملز کا تمام ریکارڈ چیک کیا اور آٹے کے معیار کو چیک کیا اور فلور ملز مالکان کو معیاری آٹے کی پورے وزن کے ساتھ گورنمنٹ کے نرخوں پر بلاتعطل فراہمی جاری رکھنے کی ہدایات کیں جبکہ جی ٹی روڈ پر واقع تمام پیٹرول پمپس کا وزٹ کیا اور انکے پیمانے اور معیار کو چیک کیا اور اس موقع پر انھوں پمپس مالکان کو تنبیہ کرتے ہوئے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کو پورے ناپ طول (بقیہ نمبر 35)

گوجرخان: اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان میاں مراد حسین نیکوکارہ تعیناتی کے ساتھ فیلڈ میں نکل پڑے

مردم شماری یکم مارچ سے شروع ہو گی، ڈپٹی کمشنر قصور

تمام فیلڈ سٹاف مردم شماری کو 16 فروری تا 24 فروری تک تمام ٹیبلٹ

قصور (سٹی رپورٹر) ڈپٹی کمشنر قصور محمد ارشد بھٹی کے زیر صدارت ڈیجیٹل مردم شماری 2023 کے انتظامات کا جائزہ لینے کے حوالے سے گزشتہ روز ڈی سی کمیٹی روم میں اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ انچارج مردم شماری قصور عبدالنوید، انچارجز مردم شماری تحصیل قصور محمد رضوان، چونیاں محمد اشفاق بھٹی، کوٹ رادھا کشن محمد آصف رفیق، پتوکی عبدالمجید، اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر قصور سہیل احمد، موٹر وہیکل ایگزامینر محمد کاشف، تحصیلدار قصور عبدالمجید اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کو شمار کنندگان اور سرکل سپروائزرز کی ٹریننگ، فیلڈ سٹاف کی موک ایکسرسائز، ٹیب ٹیسٹ، فیلڈ (بقیہ نمبر 39)

راولپنڈی: آل پاکستان پرائیویٹ سکولز مینجمنٹ ایسوسی ایشن راولپنڈی ڈویژن کے نومنتخب عہدیداران کی تقریب

پیپلز پارٹی عوامی امنگوں کی ترجمان جماعت ہے، عدیل جرال یو کے

پاکستان و آزاد کشمیر میں پیپلز پارٹی نوجوان قائد بلاول بھٹو کی قیادت میں متحد و منظم ہے

کھوئی رٹہ (نیوز رپورٹر) پیپلز پارٹی کے رہنما عدیل جرال یو کے نے کہا کہ پیپلز پارٹی عوامی امنگوں کی ترجمان جماعت ہے محمد مطلوب انقلابی مرحوم کی جلائی ہوئی شمع کو ہمیشہ روشن رکھیں گے ولید انقلابی کے ساتھ چٹان کی طرح کھڑے ہیں ولید انقلابی کے ساتھ مل کر ان کے والد مرحوم کے عوامی خدمت کے مشن کو ہمیشہ جاری رکھیں گے پاکستان و آزاد کشمیر میں پیپلز پارٹی نوجوان قائد بلاول (بقیہ نمبر 36)

کمشنر سلوت سعید نے دالوں کے امپورٹرز سے اہم ملاقات کی

فیصل آباد (جنرل رپورٹر) کمشنر سلوت سعید نے دالوں کے امپورٹرز سے اہم ملاقات کی۔ ڈپٹی کمشنر علی عنان قمر بھی موجود تھے۔ کمشنر نے فیصل آباد میں دالوں کے سٹاک کی پوزیشن لی اور کہا (بقیہ نمبر 40)

پنجاب اسمبلی کا انتخابی شیڈول جاری نہ کرنے پر توہین عدالت کی درخواست دائر

لاہور (جنرل رپورٹر) پنجاب اسمبلی کا انتخابی شیڈول جاری نہ کرنے پر توہین عدالت کی کارروائی کیلئے عدالت سے رجوع کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق لاہور ہائیکورٹ میں پنجاب اسمبلی کا انتخابی شیڈول جاری نہ کرنے پر توہین دالت کی درخواست دائر کی گئی ہے، درخواست میں چیف الیکشن کمشنر، سیکرٹری اور ممبران سمیت (بقیہ نمبر 45)

پی ایس ایل میلے کے پیش نظر شہر اولیاء کو سجا دیا گیا

ملتان ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی گزشتہ 10 یوم کی محنت رنگ لے آئی

ملتان (اسپیشل رپورٹر) پی ایس ایل میلے کے پیش نظر شہر اولیاء کو سجا دیا گیا ہے اور ملتان کرکٹ اسٹیڈیم کی تزئین و آرائش مکمل کرلی گئی ہے۔ ملتان ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی گزشتہ 10 یوم کی محنت رنگ لے آئی ہے اور کرکٹ اسٹیڈیم، روٹ اور پارکنگ ایریا کی مثالی صفائی کردی گئی ہے۔ صفائی سے کرکٹ اسٹیڈیم میں تماشائیوں کے تمام اسٹینڈز کی نکھر گئے ہیں اور اسٹیڈیم کی ٹائلٹس، انٹری گیٹس اور بیرونی ایریا کی بہترین صفائی کردی گئی ہے جبکہ فاطمہ جناح کالونی میں گاڑیوں کی پارکنگ کے مربوط انتظامات کئے گئے ہیں اور نواں شہر سے کرکٹ اسٹیڈیم تک پورے روٹ کو چمکا دیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ بوسن روڈ سے ڈی ایچ اے تک روٹ کی بھی بہترین صفائی ستھرائی کردی گئی ہے۔ 22 فروری تک اسٹیڈیم، روٹ اور پارکنگ ایریا کی صفائی روزانہ کی بنیاد پر جاری رہے گی۔ ملتان ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے ورکرز دن اور رات کے اوقات میں صفائی کے لئے شفٹوں میں کام کریں گے۔ اور نواں شہر سے کرکٹ اسٹیڈیم (بقیہ نمبر 44)

اقتصادی رابطہ کمیٹی نے قدرتی گیس کی قیمتوں میں اضافے کی منظوری دے دی

وزارت خزانہ کے مطابق ای سی سی اجلاس میں میں جنوری سے جون 2023 تک گیس نرخوں میں اضافے کی منظوری دی گئی

جنوری سے جون 2023 تک گیس نرخوں میں اضافے کی منظوری دی گئی، قدرتی گیس نرخوں میں اضافہ گھریلو، کمرشل صارفین اور پاور سیکٹر کیلئے کیا گیا

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما و وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار کے زیر صدارت اقتصادی رابطہ کمیٹی کے اجلاس میں گیس نرخوں میں اضافے کی منظوری دے دی گئی۔ وزارت خزانہ کے مطابق ای سی سی اجلاس میں میں جنوری سے جون 2023 تک گیس نرخوں میں اضافے کی منظوری دی گئی، قدرتی گیس نرخوں میں اضافہ گھریلو، کمرشل صارفین اور پاور سیکٹر کیلئے کیا گیا۔ اجلاس میں DSSI اقدام کے تحت جی ٹوئنٹی ممالک رکن روس سے قرض مخر کی منظوری دی گئی، قرض مخر اقدام کے تحت روس سے 1 کروڑ 43 لاکھ ڈالر کا قرض مخر ہو گا۔ ای سی سی اجلاس میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کیلئے 40 ارب روپے کی گرانٹ منظور کی گئی، اس موقع پر فیصلہ کیا گیا کہ بی آئی ایس پی کے تحت سیلاب متاثرین کو 25 ہزار روپے ایمرجنسی ریلیف کیلئے دیے جائیں گے۔ اس سے قبل وفاقی کابینہ نے بجلی پر سبسڈی ختم کرنے اور قیمتوں میں اضافہ کرنے کا پلان منظور کیا تھا، سرکولیشن کے ذریعے نظر ثانی سرکلر ڈیبٹ مینجمنٹ پلان کی منظوری دی گئی، آئی ایم ایف پروگرام کی بحالی کیلئے شرائط پر عمل درآمد کرتے ہوئے جون تک گھریلو صارفین کیلئے بجلی 7 روپے فی یونٹ تک مہنگی ہوگی، مارچ 2023 سے برآمدی شعبے اور کسانوں کیلئے بجلی پر سبسڈی ختم کی جائے گی، برآمدی شعبے کیلئے بجلی پر 12 روپے 13 پیسے فی یونٹ کی (بقیہ نمبر 43)

راولپنڈی کلچر رپورٹرز ایسوسی ایشن راولپنڈی اسلام آباد پنڈی آرٹ کونسل میں میڈیا ایوارڈ کی تقریب کا انعقاد

کلچر رپورٹرز ایسوسی ایشن راولپنڈی اسلام آباد پنڈی آرٹ کونسل میں میڈیا ایوارڈ کی تقریب کا انعقاد

تقریب کا مقصد صحافیوں کی خدمات اور صلاحیتوں کا اعتراف کرنا ہے، ناصر اسلم راجہ

صحافت پیغمبری پیشہ ہے اس سے وابستہ افراد معاشرے کی آنکھ اور کان کی حیثیت رکھتے ہیں، جمشید خان

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) کلچر ایوارڈ ایسوسی ایشن راولپنڈی اسلام آباد کے زیر اہتمام گزشتہ روز میڈیا ایوارڈ کی تقریب راولپنڈی آرٹس کونسل میں منعقد ہوئی۔ جس میں سینکڑوں سینئر صحافیوں، اینکرز، تجزیہ نگار، نیوز رپورٹر، سب ایڈیٹرز، کیمرہ مینوں اور فوٹو گرافرز کو ایوارڈ سے نوازا گیا پنڈی آرٹس کونسل میں کے ہال میں منعقدہ تقریب کی سب سے اہم بات یہ تھی کہ چیف آرگنائزر ناصر اسلم راجہ نے مایوسی کے اس ماحول میں میڈیا سے وابستہ لوگوں کو ایک جگہ جمع کر کے ان کے چہروں پر مسکراہٹیں بکھیر دیں۔ سینئر تاج حیدر۔ ماہر معیشت طیب۔ سابق ڈپٹی ناظم سجاد خان۔ اور عاصمہ بٹ۔ خورشید برلاس۔ جمشید خان اور دوستی ریڈیو کی چینی خاتون مس پنگنے نے ایوارڈز تقسیم کیے۔ چیف آرگنائزر ناصر اسلم راجہ کا کہنا تھا کہ تقریب کا مقصد اس شعبہ میں گراں قدر خدمات انجام دینے والے صحافیوں کی خدمات اور صلاحیتوں کا اعتراف کرنا ہے، جس میں وہ بڑی حد تک کامیاب رہے ہیں۔ سینئر رہنما مسلم لیگ ن حلقہ پی پی 13 (بقیہ نمبر 47)

میجر عزیز بھٹی شہید ٹاون کی سوشل ویلفیئر سوسائٹی کی حلف برداری کی تقریب منعقد

سرگودھا (اسپیشل رپورٹر) میجر عزیز بھٹی شہید ٹاون کی سوشل ویلفیئر سوسائٹی کی حلف برداری کی تقریب منعقد ہوئی جس کے مہمان خصوصی وزیر اعظم پاکستان کے معاون خصوصی چوہدری حامد حمید تھے اس موقع پر نئے منتخب ہونے والے عہدیداران (بقیہ نمبر 46)

اسامہ ستی قتل کیس، مجرم پولیس اہلکاروں نے سزا کا فیصلہ چیلنج کر دیا

ٹرائل کورٹ کا فیصلہ قانون سے متصادم ہے، کالعدم قرار دیا جائے

ٹرائل کورٹ کی طرف سے سنائی گئی سزا کو ختم کر کے مقدمے سے بری کیا جائے

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) اسامہ ستی قتل کیس میں مجرم قرار دیئے گئے پولیس اہلکاروں نے سزا کا فیصلہ چیلنج کر دیا۔ پولیس اہلکاروں کی اپیل پر اسلام آباد ہائیکورٹ کا 2 رکنی بینچ آج سماعت کرے گا۔ کیس میں سزائے موت پانے والے دو پولیس اہلکاروں نے ٹرائل کورٹ کا فیصلہ اسلام آباد ہائیکورٹ میں چیلنج کیا۔ درخواست میں پولیس اہلکار افتخار احمد اور محمد مصطفیٰ کی سزائے موت کو کالعدم قرار دینے کی استدعا کی گئی۔ درخواست میں کہا گیا کہ ٹرائل کورٹ کا فیصلہ قانون سے متصادم ہے لہذا کالعدم قرار دیا جائے۔ ٹرائل کورٹ کی طرف سے سنائی گئی سزا کو ختم کر کے مقدمے سے بری کیا جائے۔ درخواست میں اپیل کی گئی کہ اسامہ ستی کیس میں ٹرائل کورٹ کی طرف سے سنائی گئی سزا کو ختم کر کے مقدمے سے بری کیا جائے، پولیس اہلکاروں کی اپیل پر اسلام آباد ہائیکورٹ کا جسٹس محسن اختر کیانی اور جسٹس طارق محمود جہانگیری پر مشتمل دو رکنی بینچ آج سماعت کرے گا۔ خیال رہے کہ اسلام آباد ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن عدالت نے اسامہ ستی قتل کیس میں دو ملزمان کو سزائے موت اور تین ملزمان کو عمر قید کی سزا کا تفصیلی فیصلہ جاری کر دیا۔ ایڈیشنل سیشن جج زیبا چوہدری نے 44 صفحات پر مشتمل تفصیلی فیصلہ جاری کر دیا۔ فیصلہ میں کہا گیا کہ (بقیہ نمبر 48)

کلر سیداں آر ڈبلیو ایم سی کے ورکرز شہر کی شاہراہوں گلیوں اور نالیوں کی صفائی میں مصروف ہیں

دکی: گاڑی روکنے پر فائرنگ، پولیس اہلکار قتل

دکی پولیس نے مقتول اہلکار کی لاش پوسٹ مارٹم کے لیے اسپتال منتقل کر دی

دکی (نیوز رپورٹر) بلوچستان کے ضلع دکی میں مسلح افراد کی فائرنگ سے پولیس اہلکار جاں بحق ہوگیا۔ دکی پولیس کے مطابق دکی میں پولیس اہلکار نے مشکوک گاڑی کو روکنے کی کوشش کی تھی جس پر ملزمان کی جانب سے فائرنگ کردی گئی۔ پولیس نے بتایا ہے کہ فائرنگ کے بعد گاڑی میں سوار مشتبہ مسلح افراد باآسانی فرار ہو گئے۔ دکی پولیس نے مقتول اہلکار کی لاش پوسٹ مارٹم کے لیے اسپتال منتقل کر دی ہے جبکہ واقعے کی تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔ بلوچستان کے ضلع دکی میں مسلح افراد کی فائرنگ سے پولیس اہلکار جاں بحق ہوگیا۔ دکی پولیس کے مطابق دکی میں پولیس اہلکار نے مشکوک گاڑی کو روکنے کی کوشش کی تھی جس پر ملزمان کی جانب سے فائرنگ کردی گئی۔ پولیس نے بتایا ہے کہ فائرنگ کے بعد گاڑی میں سوار مشتبہ مسلح افراد باآسانی فرار ہو گئے۔ دکی پولیس نے مقتول اہلکار کی لاش پوسٹ مارٹم کے لیے اسپتال منتقل کر دی ہے جبکہ واقعے کی تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔ بلوچستان کے ضلع دکی میں مسلح افراد کی فائرنگ سے پولیس (بقیہ نمبر 49)

اپر باڑہ کے متاثرین کے مسائل کو دستیاب وسائل کے اندر رہ کر ترجیحی بنیادوں پر حل کر کے عوام کے احساس محرومی کا خاتمہ کیا جائے گا

ضلع خیبر (اکبر آفریدی) اپر باڑہ کے متاثرین کے مسائل کو دستیاب وسائل کے اندر رہ کر ترجیحی بنیادوں پر حل کر کے عوام کے احساس محرومی کا خاتمہ کیا جائے گا) نگراں صوبائی وزیر الحاج تاج محمد آفریدی کا خدمت خلق ویلفیئر سوسائٹی کے اراکین اور قومی مشران کیساتھ ملاقات کے موقع (بقیہ نمبر 50)

سی ای او راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی احمد نواز گوندل کی خصوصی ہدایات

راولپنڈی شہر کی طرح اسکی تحصیلوں میں بھی صفائی یقینی بنانے کیلئے کوشاں ہے

ہیلپ لائن نمبر 1139 پر موصول ہونیوالی شکایات کا بھی فوری ازالہ کیا جاتا ہے

کلر سیداں (نیوز رپورٹر) سی ای او راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی احمد نواز گوندل کی خصوصی ہدایات کے مطابق راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی راولپنڈی شہر کی طرح اسکی تحصیلوں میں بھی صفائی یقینی بنانے کیلئے کوشاں ہے، راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے مینجر آپریشنز تحصیل حسن سردار اور اسسٹنٹ مینجر آپریشنز کلر سیداں ولید بن فاروق کی زیر نگرانی راولپنڈی کی تحصیل کلر سیداں میں روزانہ کی بنیادوں پر تقریباً 20 ٹن کوڑا کرکٹ اٹھا کر ڈمپ سٹیشن لے جایا جاتا ہے، اور ہیلپ لائن نمبر 1139 پر موصول ہونیوالی شکایات کا بھی فوری ازالہ کیا جاتا ہے، اسکے ساتھ ساتھ راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے سوشل (بقیہ نمبر 53)

اکثر اوقات جب ہم کسی پولیس اہلکار کے حوالے سے کچھ لکھتے ہیں تو عوام برا مان جاتے ہیں

ضلع خیبر (اکبر آفریدی) اکثر اوقات جب ہم کسی پولیس اہلکار کے حوالے سے کچھ لکھتے ہیں تو عوام برا مان جاتے ہیں، لیکن یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ موجودہ وقت میں ملک اکبر آفریدی جس بہترین انداز سے پورے ضلع خیبر کی سطح پر امن و امان قائم رکھے، بڑے بڑے واقعات کے تناظر (بقیہ نمبر 52)

جمرود نگران صوبائی وزیر الحاج تاج محمد افریدی کے لیے استقبالیہ جلسہ

جلسہ عام کے موقع پر نگران صوبائی وزیر کو ہار پہنائے گئے پھول نچھاور کیے گئے

ضلع خیبر (اکبر آفریدی) جمرود نگران صوبائی وزیر الحاج تاج محمد افریدی کے لیے استقبالیہ جلسہ اس سلسلے میں جمرود کے علاقے غنڈی شمر گل کلی میں ملک ذہین گل کوکی خیل اور ان کے خاندان کی طرف سے نگران صوبائی وزیر ریلیف و ابادی کاری الحاج تاج محمد افریدی کے لیے استقبالیہ جلسہ منعقد کیا گیا تھا جس میں کثیر تعداد میں مشران و کشران نے شرکت کی۔ جلسہ عام کے موقع پر نگران صوبائی وزیر کو ہار پہنائے گئے پھول نچھاور کیے گئے جبکہ روایتی قلہ لونگی پہنائی گئی۔ استقبالیہ جلسہ عام سے نگران صوبائی وزیر (بقیہ نمبر 51)

آذربائیجان سے سات رکنی ثقافتی وفد کی لاہور آمد

آذربائیجان سے سات رکنی ثقافتی وفد سات روزہ دورے پر لاہور پہنچ گیا

لاہور (خبر نگار) آذربائیجان سے سات رکنی ثقافتی وفد سات روزہ دورے پر لاہور پہنچ گیا۔ لاہور پہنچنے پر وفد کا ڈائریکٹوریٹ جنرل پبلک ریلیشنز پنجاب اور فارن آفس کے افسران نے علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر پرتپاک استقبال کیا۔ ارٹی شوک این جی او کا وفد لاہور میں تین دن قیام کرے گا۔ دو دن اسلام آباد میں قیام کرکے 18 فروری کو لاہور سے آذربائیجان روانہ ہوگا۔ پاکستانی او (بقیہ نمبر 54)

پولیس کا منشیات فروشی کے اڈے پر چھاپہ 4- افراد گرفتار 4740 گرام چرس برآمد

عارف والا (اسپیشل رپورٹر) پولیس کا منشیات فروشی کے اڈے پر چھاپہ 4- افراد گرفتار 4740 گرام چرس برآمد تفصیلات کے مطابق تھانہ سٹی پولیس نے مخبر کی اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے منشیات فروش اشرف، بلال، عثمان اور (بقیہ نمبر 55)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

ضرورت نمائندگان

ڈنیا بھر سے میل / فی میل نمائندگان کی فوری ضرورت ہے

آپ صحافی بننا چاہتے ہیں

آپ کو لکھنے کا شوق ہے

آپ کو تلاش ہے ایک اچھے پلیٹ فارم کی

تو پھر آئیں ہماری ٹیم میں شامل ہو جائیں۔

بیورو چیف | ڈپٹی بیورو چیف | ڈسٹرکٹ رپورٹر | پولیٹیکل رپورٹر

لیڈی رپورٹر | سٹی رپورٹر | نمائندہ خصوصی | کرائم رپورٹر

نامہ نگار | سٹاف رپورٹر | مارکیٹنگ بزنس رپورٹر | جنرل رپورٹر

نیوز ایجنسیز کی ضرورت ہے

0312-7786354